www.iqbalkalmati.blogspot.com

آسان

# گھریلو ٹوٹکے

روزمرّہ زندگی میں کام آنے والی

## مُفید ترکیبیں

ڈاکٹر بلیغ الدّین جاوید

خیّام پبلشرز
چوک اُردو بازار ——— لاہور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

جملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ

بار اول : مئی ۱۹۸۲ء
ناشر : عبد الرشید
باہتمام : مہر محمد مقبول
تعداد : گیارہ سو
مطبع : منظور پرنٹنگ پریس
قیمت : ۵۰/۷

# فہرست

۱۔ دردِ سر کا علاج ۔۔۔ ۲۰
۲۔ نظر تیز کرنا ۔۔۔ ۲۲
۳۔ زخم درست کرنا ۔۔۔ ۲۳
۴۔ آنکھوں کے درد کا علاج ۲۳
۵۔ پلکوں کو دراز کرنے کی ترکیب ۲۳
۶۔ چیچک کے داغ دور کرنا ۲۳
۷۔ یادداشت تیز کرنا ۲۴
۸۔ جسم میں چبھا ہوا کانٹا نکالنے کا طریقہ ۲۴
۹۔ دردِ شکم کے لئے ۲۴
۱۰۔ امراضِ جگر کے لئے ۲۵
۱۱۔ منہ کے چھالے ختم کرنے کے لئے ۲۵
۱۲۔ انفلوئنزا سے شفا کے لئے ۲۵
۱۳۔ دردِ کان سے شفا کے لئے ۲۶
۱۴۔ دانت کے کیڑے ختم کرنے کے لئے ۲۶
۱۵۔ دھوپ کا اثر چہرے سے ختم کرنے کے لئے ۲۶
۱۶۔ چمڑے سے پاؤں پر آبلہ پڑ جائے تو اسے دور کر لیجئے۔ ۲۶
۱۷۔ سر اور کپڑوں میں جوئیں مارنے کا طریقہ ۲۷
۱۸۔ زہریلے جانور کے کاٹنے سے شفا یابی کے لئے ۲۷

www.iqbalkalmati.blogspot.com




| | |
|---|---|
| ۱۹- بالوں کی خشکی دور کرنے کا طریقہ | ۲۷ |
| ۲۰- اگر لُو لگ جائے تو | ۲۸ |
| ۲۱- نیند لانے اور دماغ و آنکھوں کے سکون کے لئے | ۲۸ |
| ۲۲- مرض ہیضہ کے خاتمہ کے لئے | ۲۹ |
| ۲۳- ہچکی کے لئے | ۲۹ |
| ۲۴- آواز بیٹھ جائے تو اسے دُور کرنے کے لئے | ۳۰ |
| ۲۵- زہریلے کیڑے کے کاٹے کے درد کے لئے | ۳۰ |
| ۲۶- چہرے کی چھائیاں دور کرنے کے لئے | ۳۰ |
| ۲۷- ہاتھوں کو ملائم کرنے کے لئے | ۳۱ |
| ۲۸- چہرے کے دانے ختم کرنے کے لئے | ۳۱ |
| ۲۹- منہ کی بدبُو ختم کیجئے | ۳۱ |
| ۳۰- بال سفید ہونے سے بچانے کے لئے | ۳۱ |
| ۳۱- رنگ کو گورا کرنے کے لئے | ۳۲ |
| ۳۲- اپنا رنگ سرخ و سفید بنائیے۔ | ۳۲ |
| ۳۳- زکام کے خاتمہ کے لئے | ۳۳ |
| ۳۴- گردے و مثانے کی پتھری دُور کرنے کے لئے | ۳۳ |
| ۳۵- کیل مہاسے ختم کیجئے | ۳۴ |
| ۳۶- جنون کو ختم کرنے کے لئے | ۳۴ |
| ۳۷- سکتہ کے خاتمے کے لئے | ۳۵ |





| | |
|---|---|
| ۳۸- کھانسی کے خاتمہ کے لئے | ۳۵ |
| ۳۹- نسیان (بھول) کا مرض ختم ہو جائے گا | ۳۶ |
| ۴۰- مسوڑھوں کے مرض کے لئے | ۳۶ |
| ۴۱- مرگی کے دوروں کے لئے | ۳۶ |
| ۴۲- آنکھ کے دانے کے خاتمہ کے لئے | ۳۷ |
| ۴۳- پلکیں گرتی ہوں تو | ۳۷ |
| ۴۴- لقوہ کے لئے | ۳۷ |
| ۴۵- کالی کھانسی کے لئے | ۳۷ |
| ۴۶- دمہ کے لئے | ۳۸ |
| ۴۷- سینے کا دباؤ ختم کرنے کے لئے | ۳۸ |
| ۴۸- بال چمک دار بنائیے | ۳۹ |
| ۴۹- بال لمبے کرنے کے لئے | ۳۹ |
| ۵۰- یرقان کے لئے | ۳۹ |
| ۵۱- پھوڑے پھنسی کے خاتمہ کے لئے | ۴۰ |
| ۵۲- سر کی خشکی دور کرنے کے لئے | ۴۰ |
| ۵۳- قبض کے خاتمہ کے لئے | ۴۰ |
| ۵۴- دانت کا درد ختم ہو جائے گا | ۴۱ |
| ۵۵- جلنے والی جگہ کے آرام کے لئے | ۴۱ |
| ۵۶- دائمی قبض کے خاتمہ کے لئے | ۴۱ |

www.iqbalkalmati.blogspot.com




۵۷۔ شہد کی مکھی یا بھڑ کے کاٹے ہوئے حصّہ پر جلن ختم ہو جائے گی ۴۲
۵۸۔ دانتوں کے سیاہ نشان ختم کرنے کے لئے ۴۲
۵۹۔ اندرونی چوٹوں کے نشان کے لئے ۴۲
۶۰۔ چہرے کی جلد نرم اور دلکش کرنے کے لئے ۴۳
۶۱۔ چہرے کے شکن دور کرنے کے لئے ۴۳
۶۲۔ بچے کے پیٹ کا اپھار دُور کرنے کے لئے ۴۴
۶۳۔ دردِ کان کے خاتمہ کے لئے ۴۴
۶۳۔ سر درد دائمی کے خاتمہ کے لئے ۴۴
۶۴۔ ناخنوں کو چمک دار بنانے کے لئے ۴۴
۶۵۔ زخموں کے آرام کے لئے ۴۵
۶۶۔ بچھو کے کاٹے کے لئے ۴۵
۶۷۔ سانپ کے کاٹے کے لئے ۴۵
۶۸۔ آنکھ میں چونے کی چھینٹ پڑ جائے تو ۴۶
۶۹۔ خونی بواسیر کی صورت میں ۴۶
۷۰۔ زیادہ چھینکیں روکنے کے لئے ۴۶
۷۱۔ کنکھجورا جسم سے چمک جائے تو ۴۶
۷۲۔ گلے کی سوزش کے لئے ۴۷
۷۳۔ مسوڑھوں کو مضبوط کرلیں ۴۷
۷۴۔ آسانی سے بچے کے دانت نکلنے کے لئے ۴۷





۷۵۔ لو نہیں لگ سکتی۔ ۴۷
۷۶۔ نکسیر بند کیجئے ۴۸
۷۷۔ قے روکنے کے لئے ۴۸
۷۸۔ آدھے سر کا درد ــــ دور ہو جائے گا۔ ۴۸
۷۹۔ دھنیا ایک طبیب ۴۹
۸۰ ادرک کا استعمال ۴۹
۸۱۔ پتھری کے خاتمہ کے لئے ۴۹
۸۲۔ املی دوا بھی ــــ غذا بھی ۵۰
۸۳۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے ۵۰
۸۴۔ امراضِ قلب کا ڈاکٹر ــــ سنگترہ ۵۰
۸۵۔ موٹاپا ــــ اور اس کا سدِباب ۵۰
۸۶ تپ دق اور پرانی کھانسی کے لئے ۵۱
۸۷۔ بینائی تیز ہو جائے گی ۵۱
۸۸۔ کان درد کا آسان علاج ۵۱
۸۹ آواز بیٹھ جائے تو اسے کھول لیجئے۔ ۵۲
۹۰۔ بھرا پن ــــ دور کیجئے۔ ۵۲
۹۱۔ بلغمی کھانسی اور دمہ کے لئے ۵۲
۹۲۔ بچوں کے نمونیہ کے لئے ۵۴
۹۳۔ خون تھوکنے والوں کے لئے ۵۴

www.iqbalkalmati.blogspot.com




۹۴- بچوں کے درد سینہ کے لئے ۵۴

۹۵- اختلاجِ قلب کے لئے ۵۵

۹۶- بواسیر کی خارش ختم ہو جاتے گی ۵۵

۹۷- ناصورِ مقعد کے لئے عجیب ٹوٹکہ ۵۵

۹۸- بواسیر کے مسوں کے لئے ایک اور ٹوٹکہ ۵۵

۹۹- بواسیر خونی اور بادی کے خاتمہ کے لئے ۵۶

۱۰۰- پتھری اور دردِ گردہ کے لئے ۵۶

۱۰۱- پیشاب میں شکر (ذیا بیطس) کے لئے ۵۶

۱۰۲- پیشاب کا مرض اور دردِ مثانہ کی پتھری کے خاتمہ کے لئے ۵۷

۱۰۳- سوزاک ختم کیجئے۔ ۵۷

۱۰۴- پیٹ کے کیڑوں کے لئے ۵۸

۱۰۵- ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑ لیجئے ۵۸

۱۰۶- ہر قسم کی بدہضمی دور کیجئے ۵۸

۱۰۷- خونی دست بند ہو جاتے ہیں ۵۹

۱۰۸- اندرونی چوٹ کا درد ختم ہو جائے گا۔ ۵۹

۱۰۹- منہ کے زخم اور چھالے ختم ہو جائیں گے ۵۹

۱۱۰- ہونٹوں کے پھٹنے کا علاج ۵۹

۱۱۱- پت (گرمی دانے) دور کرنا ۶۰

۱۱۲- آگ کا زخم مندمل کرنا ۶۰





۱۱۳- کان میں پڑا پانی نکالنا ۶۱

۱۱۴- پیچش دور کرنے کے لئے ۶۱

۱۱۵- دانت کے درد اور منہ کی سوزش کے لئے ۶۱

۱۱۶- درد کو آرام آجائے گا ۶۱

۱۱۷- اپنا خون صاف کیجئے۔ ۶۲

۱۱۸- برص ختم ہو جاتا ہے۔ ۶۲

۱۱۹- نکسیر کے لئے آزمودہ ہے۔ ۶۲

۱۱۹/ا- مرگی کا دورہ ختم کیجئے ۶۲

۱۲۰- دست بند کرنے کے لئے ۶۳

۱۲۱- قوتِ باہ کے لئے ۶۳

۱۲۲- ورم تحلیل ہو جائے گا۔ ۶۵

۱۲۲/ا- بستر پر پیشاب کی عادت کا خاتمہ ۶۵

۱۲۳- آواز صاف ہو جاتی گی ۶۵

۱۲۴- ہچکی بند کرنے کے لئے ۶۵

۱۲۵- تلی کا ورم ختم کریں ۶۶

۱۲۶- بھولنے کا مرض ۶۶

۱۲۷- باری کا بخار اتار دیجئے۔ ۶۶

۱۲۸- مثانے و گردے کی پتھری نکل آتی گی۔ ۶۶

۱۲۹- پرانی کھانسی دور ہو جائے گی۔ ۶۷


مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com




۱۳۰۔ موم سے بواسیر دور کیجئے۔ ۶۷

۱۳۱۔ اسبغول آنکھوں کا جالا کاٹ دے گا۔ ۶۷

۱۳۲۔ تلسی۔ بدہضمی اور پیٹ کے کیڑوں کے لئے ۶۸

۱۳۳۔ خشک کھانسی اور خشخاس۔ ۶۸

۱۳۴۔ ماہواری کی خرابی ۶۹

۱۳۵۔ بلغم کی زیادتی اور امراضِ نسیان کا علاج ۶۹

۱۳۶۔ چنے پیٹ کے کیڑے ہلاک کر دیتے ہیں۔ ۶۹

۱۳۷۔ ملیریا بخار کے لئے ۶۹

۱۳۸۔ فلفل اور کھانسی ۶۹

۱۳۹۔ زہریلے زخم کا مقناطیسی علاج ۷۰

۱۴۰۔ کان کا درد اور کیڑے سرکے سے علاج کریں۔ ۷۰

۱۴۱۔ بواسیر کو مہندی سے دور کیجئے۔ ۷۰

۱۴۲۔ بے خوابی کا علاج کدو سے کیجئے۔ ۷۰

۱۴۳۔ دل کی دھڑکن اور معدہ کے لئے ۷۰

۱۴۴۔ دانت درد اور کیڑوں کا خاتمہ کیجئے ۷۱

۱۴۵۔ آواز بیٹھ جاتے تو لکڑی کا برادہ کھائیے۔ ۷۱

۱۴۶۔ گنجے پن کا شرطیہ علاج۔ ۷۱

۱۴۷۔ سگ سے درد کان دور ہو جاتا ہے ۷۲

۱۴۸۔ بینڈک اور آنکھوں کا علاج ۷۲

۱۴۹۔ میتھی۔ درد۔ بلغم اور دردِ سینہ کی دوا ہے۔ ۷۲

۱۵۰۔ بواسیر کا کامیاب علاج ۷۲

۱۵۱۔ کوڑی۔ جلد کے نشان ختم کر دیتی ہے۔ ۷۳

۱۵۲۔ پیشاب کا علاج اور کھیرا ۷۳

۱۵۳۔ یرقان ــــ اور کباب چینی ۷۳

۱۵۴۔ سہاگہ۔ حیض کا علاج ہے ۷۳

۱۵۵۔ آواز کو صاف اور سریلی بنائیں ۷۴

۱۵۶۔ کافور اور نکسیر ۷۴

۱۵۷۔ دانت درد اور دانت کے کیڑوں کا علاج ۷۴

۱۵۸۔ امرود کے پتے اور دست ۷۴

۱۵۹۔ ورم کا علاج ۷۵

۱۶۰۔ شلغم۔ جو گردہ اور مثانہ کی پتھری نکال دے گا۔ ۷۵

۱۶۱۔ دردِ قولنج شفایابی ۷۵

۱۶۲۔ کندر۔ زیادتی پیشاب کی دوا۔ ۷۵

۱۶۳۔ اسہال کی اکسیرِ اعظم دوا ۷۶

۱۶۴۔ جوڑوں کے درد کے لئے ۷۶

۱۶۵۔ پرانے پیچش کے لئے ۷۶

۱۶۶۔ درد کا علاج پسینہ در سے ۷۶

۱۶۷۔ سانپ کی کیچلی اور مرض کا علاج ۷۷

www.iqbalkalmati.blogspot.com




۱۶۸۔ درخت شہتوت۔ خارش وزخموں کا علاج ہے ۷۷

۱۶۹۔ جریان کا علاج ۷۷

۱۷۰۔ ریوند چینی اور ماہواری ایام ۷۷

۱۷۱۔ کلونجی ۔۔۔ پیٹ کے کیڑے ہلاک کر دیتی ہے ۷۸

۱۷۲۔ دردِ زہ اور زعفران ۷۸

۱۷۳۔ تازہ چوٹ کے درد کا علاج ۷۸

۱۷۴۔ دردِ سر کا ناک سے علاج ۷۸

۱۷۵۔ اس طرح زخم جلد بھر جائیں گے۔ ۷۹

۱۷۶۔ گوگل ہسٹریا کی دوا ہے۔ ۷۹

۱۷۷۔ یرقان ختم کیجئے۔ ۷۹

۱۷۸۔ پیاز۔ بچھو کے ڈنگ کا شافی علاج ہے۔ ۷۹

۱۷۹۔ امراضِ چشم کے لئے ۸۰

۱۸۰۔ کمہ بجوہ سے اگزیما کا علاج ۸۰

۱۸۱۔ باری کا بخار اور مرچ سیاہ ۸۰

۱۸۲۔ کھانسی اور دمہ ختم ہو جائے گا ۸۰

۱۸۳۔ کنٹھ مالا۔ بیل کے سینگوں سے ختم ہو جائے گی۔ ۸۱

۱۸۴۔ تخم سوائی ۔۔۔ اور خونی بواسیر ۸۱

۱۸۵۔ لسن ۔۔۔ بند پیشاب کھول دے گا ۸۱

۱۸۶۔ ناسور کا خاتمہ کیجئے ۸۱





۱۸۷۔ دردِ داڑھ ۔۔۔ یکدم بند ہو جائے گا۔ ۸۲

۱۸۸۔ گل ارمنی ۔۔۔ اور کثرتِ حیض ۸۲

۱۸۹۔ مدار کا دودھ ۔۔۔ مسے ختم کر دیتا ہے۔ ۸۲

۱۹۰۔ مرگی کے مرض کا ہینگ سے علاج ۸۲

۱۹۱۔ ماہواری کا علاج ۸۳

۱۹۲۔ سیاہ مرچ۔ زبان کی لکنت ختم کر دے گی ۸۳

۱۹۳۔ پھٹکری ۔۔۔ سوزاک کے خاتمہ کے لئے ۸۳

۱۹۴۔ کتے کے کاٹے کا شافی علاج ۸۴

۱۹۵۔ استسقاء کا علاج ۸۴

۱۹۶۔ گولر ۔۔۔ قاتلِ زہر ۸۴

۱۹۷۔ ہینگ ۔۔۔ دردِ گردہ کے لئے ۸۴

۱۹۸۔ انڈے کی سفیدی ۔۔۔ آنکھ کی بیماریوں کا علاج ۸۴

۱۹۹۔ پیچش کا کامیاب علاج ۸۵

۲۰۰۔ مرض ام الصبیان سے شفایابی کے لئے ۸۵

۲۰۱۔ ہچکی بند کیجئے ۸۵

۲۰۲۔ کان کے امراض کا علاج ۸۶

۲۰۳۔ بچوں کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔ ۸۷

۲۰۴۔ مکھن۔ خشک کھانسی کی دوا ہے ۸۷

۲۰۵۔ اسہال اور بواسیر خونی ۸۷

www.iqbalkalmati.blogspot.com




۲۰۶۔ شلغم ــــ خشک کھانسی کے لئے ۸۷

۲۰۷۔ آنکھوں کی زردی کے لئے ۸۸

۲۰۸۔ میٹھے چاول ــــ آواز سریلی بنائیں گے ۸۸

۲۰۹۔ کلونجی ــــ ماں کا دودھ ۸۸

۲۱۰ مہندی ــــ یرقان کا علاج ۸۸

۲۱۱۔ ببول ــــ اور حیض کی شکایات ۸۹

۲۱۲۔ ارہر کی دال ــــ گنجے پن کا علاج ۸۹

۲۱۳۔ اسپغول ــــ اسہال کے لئے ۹۰

۲۱۳ا۔ آگ سے جلنے کا علاج ۹۰

۲۱۴۔ مغز کمہ بجوہ ــــ جس سے حمل ساقط نہیں ہوتا۔ ۹۰

۲۱۵۔ درد کا کامیاب علاج ۹۰

۲۱۶۔ قبض کا علاج ۹۱

۲۱۷۔ آملہ۔ بیس امراض کا شافی علاج ۹۱

۲۱۸۔ جامن ذیابیطس کا علاج ۹۴

۲۱۹۔ امراضِ بادی و ریح ۹۴

۲۲۰۔ تلی بڑھنے کا علاج ۹۵

۲۲۱۔ کثرتِ پیشاب کے لئے ۹۵

۲۲۲۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کے لئے اکسیر ۹۵

۲۲۳۔ اسہال کے لئے اکسیر ۹۵





۲۲۴۔ جگر بڑھ جانے پر ۹۶

۲۲۵۔ سردی و بلغمی کھانسی کا علاج ۹۶

۲۲۶۔ بواسیر بادی کے لئے ۹۶

۲۲۷۔ لکنت کا کامیاب علاج ۹۶

۲۲۸۔ یرقان کا کامیاب ترین علاج ۹۷

۲۲۹۔ سنگرہنی کا علاج ۹۷

۲۳۰۔ جالا اور پھولا ختم کریجئے ۹۷

۲۳۱۔ ماں کا دودھ بڑھ جاسکے گا ۹۸

۲۳۲۔ دال ماش ــــ قوتِ باہ کا خزانہ ۹۹

۲۳۳۔ بے پناہ ــــ قوتِ باہ ۹۹

۲۳۴۔ اناج کو کیڑوں سے بچائیں ۹۹

۲۳۵۔ آنکھوں سے پانی جاری ہونا ۱۰۰

۲۳۶۔ آنکھوں کی جلن کا علاج ۱۰۰

۲۳۷۔ شب کوری (رتوندھی) کے لئے ۱۰۱

۲۳۸۔ آنکھوں کی خارش ۱۰۲

۲۳۹۔ موتیا بند کا علاج ۱۰۳

۲۴۰۔ عجیب و غریب دوائیں ۱۰۵

۲۴۱۔ اسے کھانے سے سخت سردی میں بھی گرمی کا احساس ہوتا ہے ۱۰۵

۲۴۲۔ اسے کھانے سے سخت گرمی میں بھی سردی کا احساس ہوتا ہے ۱۰۶

www.iqbalkalmati.blogspot.com



۲۴۳۔ اس سے سیروں دودھ ہضم ہو جاتا ہے۔ ۱۰۶
۲۴۴۔ اس سے پل بھر میں زہریلے سے زہریلے سانپ کا زہر اُتر جاتا ہے۔ ۱۰۷
۲۴۵۔ اسے ہاتھوں میں پکڑیں کوئی زہریلا جانور ڈنگ نہ چلا سکے گا۔ ۱۰۸
۲۴۵ ۔ الف۔ اسی کے جس قدر پھول کھاؤ گے اتنے سال آنکھ نہ دکھے گی ۱۰۹
۲۴۶۔ اسے کھانے سے لڑکا پیدا ہوگا۔ لڑکی نہیں۔ ۱۰۹
۲۴۷۔ اسے کھانے کے بعد ایک تولہ سنکھیا کا زہر بھی اثر نہیں کرتا ۱۱۰
۲۴۸۔ اسے نبض پر باندھ دینے سے بادی کا بخار رک جاتا ہے۔ ۱۱۰
۲۴۹۔ اس کی ایک خوراک شدید طاعون کو ختم کر دیتی ہے۔ ۱۱۱
۲۵۰۔ چار گھنٹہ میں پلیگ اور بخار کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ۱۱۲
۲۵۱۔ اس کے دو تین پتے ایک بار پشت پر مل دیں بچہ موٹا تازہ ہو جائیگا۔ ۱۱۳
۲۵۲۔ اسے پانی کے برتن میں ڈال دینے سے پانی مانند دہی جم جائے گا۔ ۱۱۴
۲۵۳۔ اسے ناک کے قریب لے جائیں ان گنت چھینکیں آئیں گی۔ ۱۱۵
۲۵۴۔ بچھو پر اسے پھینک دیں تو مر جائے گا اور اس کا زہر ختم ہو جائے گا۔ ۱۱۵
۲۵۵۔ اسے چبا کر تھوک دیں آپ کو کسی چیز کا مزہ نہ آئے گا۔ ۱۱۶
۲۵۶۔ اسے چھو کر ہاتھ پھیر دیں۔ زہر کا اثر۔ درد اور تکلیف ختم ہو جائے گی ۱۱۷
۲۵۷۔ اس سے پھٹا ہوا دودھ پہلی حالت میں آ جاتا ہے۔ ۱۱۸
۲۵۸۔ اس سے امراضِ رحم ختم ہو جاتے ہیں۔ ۱۱۹
۲۵۹۔ اسے کھانے سے پندرہ دن بھوک نہیں لگتی۔ ۱۱۹
۲۶۰۔ اس کے استعمال سے کانوں کا ہر مرض دور ہو جاتا ہے۔ ۱۲۰
۲۶۱۔ اس کا استعمال عورت کے پستان سخت اور اندام نہانی تنگ کر دیتا ہے ۱۲۰



# گھریلو باتیں

علمِ طب کی اب تک بے شمار شکلیں منظرِ عام پر آ چکی ہیں۔ مگر عجیب بات ہے کہ ہر طریقۂ علاج میں دوسرے طریقۂ علاج سے انکار یا مخالفت کا پہلو ضرور موجود ہوتا ہے۔ جیسے ایلوپیتھی طریقۂ علاج ادویات کو جس طرز پہ استعمال کرنے کی دعوت دیتا ہے اسے طبِ یونانی والے خودکشی قرار دیتے ہیں۔ وہی لوگ اسے دوسرے مگر نسبتاً خالص طریقہ سے مریض کو دیتے ہیں۔ مگر ہومیوپیتھی والے ان دونوں طریقوں کو رد کرتے ہیں۔ وہ انہی اجزا کا جوہر نکال کر اسے بوند بوند کھانے کی دعوت دیتے اور علاج بالغذا کے قائل ہیں — بائیوکیمسٹری والے ان تینوں طریقوں کو جھٹلا کر اپنا نیا طریقہ بتاتے ہیں۔ ایکوپنکچر — سائنس آف ہیلنگ اور نیچروپیتھی والے — اپنے سے پیشتر کے سبھی طریقوں کو جھٹلا کر نیا طریقہ اپناتے ہیں — اور اسی کشمکش میں دن بدن امراض اور مریض زیادہ سے زیادہ ہوتے جا رہے ہیں —

دوستو — میں یہاں کوئی نیا طریقہ علاج بیان نہیں کر رہا۔ اس سے پہلے ہی مدِ جن بھر طریقہ ہائے علاج کی موجودگی میں نیا طریقۂ علاج روشناس کروانے کا مقصد اس سے زیادہ اور کچھ نہیں ہو سکتا کہ ہم اس الجھن اور طبی جنگ میں نیا محاذ کھول رہے ہیں — ہم تو ان ہی مختلف طریقہ ہائے علاج کا صدیوں سے جائزہ لینے کے بعد ماہر اطباء کے بنائے گئے ان فرمودات اور نسخہ جات کو یکجا کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



رہے ہیں جو لازمی صحت مندی کی طرف ایک قدم ہے اور جسے اپنانے اور اپنی صحت کی حفاظت کے لئے استعمال کرنے میں آپ کو فائدہ حاصل ہو سکتا ہے نقصان نہیں۔۔۔

مثلاً میں کہتا ہوں کہ اگر آپ کو کسی بچھو یا بھڑ نے کاٹ لیا ہے تو اس مقام پر مولی کا پانی ڈال دیجئے۔ درد ختم ہو جائے گا جلن دور ہو گی اور زہر کا اثر نہیں ہو گا۔ تو آپ اسے آزمانے میں ضرور پہل کریں گے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے اگر شفا مل سکتی ہے تو یہ نعمت بے بہا سے کم نہیں۔ مگر مولی کا نمک کوئی تیزاب یا زہر تو نہیں جو اُلٹا نقصان بھی دے سکتا ہے۔

اور پھر میں آپ سے کہتا ہوں کہ آپ کو اگر زکام اور کھانسی ہے تو آپ ادرک کا پانی اور شہد، ہم وزن ملائیں اور اسے چاٹتے رہیں۔۔۔ دوستو۔۔۔ ذرا سوچو اس سے بے ضرور علاج کیا ہو سکتا ہے۔ خوش ذائقہ بھی ہے اور خوش طبع بھی۔ ادرک نقصان دہ کسی بھی حالت میں نہیں ہے اور شہد کو تو خود ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شفا الناس کہا ہے۔۔۔ آزما دیکھئے۔۔۔ پہلی ہی خوراک آپ کو فائدہ نہ دے تو میرا اگر بیان آپ کے ہاتھوں کو خوش آمدید کہے گا۔۔۔

پیشاب میں شکر آنے (ذیابیطس) کا مریض جو زندگی سے نالاں ہے اگر میں اسے مشورہ دوں کہ روٹی کی بجائے خوش ذائقہ جامن زیادہ سے زیادہ کھاؤ۔ اور اگر جامن کا موسم نہیں۔ تو جامن کی گٹھلیاں لے کر اسے کوٹ لو اور اس کا سفوف بنا کر اسے سرد پانی سے استعمال کرو تمہارا یہ مرض دور ہو جائے گا تو جہاں اور بہت سی ادویات کا استعمال کیا ہے وہاں اس کا استعمال بھی کیجئے۔ بے ضرر ہے۔۔۔



نقصان دہ نہیں ہے۔ اور قدرت کا وہ عطیہ بھی ہے جسے کھانے کو دل چاہتا ہے۔ فائدہ دے تو مجھے دعاِ خیر سے یاد کیجئے۔ یقیناً آپ ان بیماریوں کا گھریلو علاج کر کے زیادہ مطمئن ہوں گے۔

مہنگائی اور مصروفیت کے اس دور میں جب عام لوگ ڈاکٹروں کی فیسیں اور ادویات کے لرزہ خیز بل ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے ایسے گھریلو علاجوں کو عام کرنے کی ضرورت تھی۔۔۔ دوستو۔۔۔ میں نے قطرہ قطرہ جمع کر کے آپ کو ایک دریا دیا ہے۔ اس سے خوب سیر ہو کر پانی پینا آپ کا کام ہے اس کتاب کے مطالعہ کرنے والے اصحاب اپنے معالج خود ہوں گے۔۔۔

قدرت نے انسان کی بقا اور صحت مندی کے لئے کائنات میں ہر چیز پیدا کی ہے البتہ اسے تلاش کرنا خود انسان کا اپنا کام ہے۔ بتدریج جوں جوں زمانہ گزرتا رہا۔ اطباء اور دانشوروں نے ہر چیز کی خصوصیت دریافت کی ہے اور ہمیں بتایا ہے کہ کون سی قدرت کی پیدا کردہ چیز کس کس طرح مفید ہو سکتی ہے۔۔۔ اور پھر میں نے مختلف کتب کا مطالعہ کر کے انہیں یکجا کرنے کی کوشش کی ہے اور اسے آپ کے حضور پیش کر دیا ہے۔ ان میں سے بیشتر طریقہ ہائے علاج میرے اپنے آزمودہ ہیں آپ بھی آزما دیکھئے۔۔۔ اور میری سچائی کو لبیک کہئے۔

زیرِ نظر کتاب مختصر ضرور ہے۔ میں نے دانستہ اختصار سے کام لیا ہے فضولیات اور آپ کو الجھا دینے والے مسائل پر میں نے بحث نہیں کی، مگر اس کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ میں نے اس کتاب میں آپ کو کم بیماریوں کے علاج کے بارے میں آگاہ کیا ہے۔ میں نے اس کتاب میں دردِ سر سے لے کر ہیل۔ دِق اور کینسر تک

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہر مرض کو مدِ نظر رکھا ہے اور اس کی قدرتی دوا تجویز کی ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں ساڑھے چار سو امراض پر بھرپور بحث موجود ہے۔ ہر مرض کا علاج اس کتاب میں کسی نہ کسی صورت میں موجود ہے اور صرف ان ہی طریقوں کو اپنانے کی دعوت دی گئی ہے جو زود اثر ہیں۔ آزمودہ ہیں اور مستند اطباء کے بیان کردہ ہیں۔ اور ہاں یہ بات بھی مدِ نظر رکھی گئی ہے کہ ہر طریقۂ علاج صرف ایسا ہو جو فائدہ دے سکے اس سے کسی بھی قسم کے نقصان کا احتمال نہ ہو جیسے اسپرین وغیرہ کو لیجئے۔ یا پنسلین وغیرہ۔ کچھ لوگ اس سے الرجک ہیں۔ یہ انہیں فائدہ کم اور نقصان زیادہ دیتی ہے اور اطباء دوا دینے سے پہلے اس بات کا جائزہ لیتے ہیں کہ مریض ان ادویات سے الرجک تو نہیں۔ اگر ایسا ہے تو وہ کوئی دوسری دوا کی تجویز دیتے ہیں۔

مگر ہم نے ایسا نہیں کیا۔ کیونکہ ہمارے روبرو ایک مریض نہیں ہے پوری نسل ہے جس میں ہر عمر۔ ہر طبقہ۔ ہر مزاج اور ہر خطے کے لوگ ہیں اور ہم نے صرف انہی چیزوں کا انتخاب کیا ہے اور ہر شخص کو ہر وقت اور ہر طبیعت کو ہر بیماری میں کارآمد نہیں۔ کتاب کا مطالعہ فرمایئے۔ اور ہاں میں یہ مشورہ بھی دوں گا کہ ان طریقہ ہائے علاج کو جو زیرِ نظر کتاب میں درج ہیں من وعن استعمال میں لایئے اس میں ترمیم و اضافہ مت کیجئے اور پھر قدرت جو مادرِ مہربان ہے کی قدرت کا تماشہ دیکھئے۔ آپ جلد سے جلد صحت مند۔ تر و تازہ۔ اور ہشاش بشاش ہو جائیں گے۔

اب مجھے اجازت دیجئے ——

آپ کا خیر اندیش

ڈاکٹر بلیغ الدین جاوید



# فسٹ ایڈ یا گھریلو علاج

## دردِ سر کا علاج

اگر آپ کو دردِ سر کی شکایت ہے تو سر کو بھاپ دیجئے اور پھر اسے سرد پانی میں بھیگے ہوئے تولئے سے صاف کر دیجئے۔ دردِ سر دور ہو جائے گا۔

ذرا سا نمک کھایئے اور پھر اس کے دس منٹ بعد ٹھنڈا پانی پی لیجئے۔ بہت جلد شفا نصیب ہوگی۔

سر کو زیتون کا تیل ڈال کر مالش کیجئے ——؟

پیاز کاٹ لیجئے اور اسے سونگھئے ——

وہ چائے جس میں زیادہ پتی پڑی ہو لیجئے اور اس میں آدھا لیموں نچوڑ لیجئے۔ اور پھر اس میں چاہیں تو چینی یا ذرا سا نمک ملا لیجئے اور پی لیجئے۔ دردِ سر کو فوری آرام ہوگا۔

روئی کو لیموں کے عرق میں ڈبو لیجئے اور پھر اسے پیشانی پر ملئے۔ دردِ سر ختم ہو جائے گا۔

احتیاط سے نسوار کی مانند پسا ہوا نمک سونگھ لیجئے۔ دردِ سر کو آرام ہوگا۔

پیاز لیجئے اور اسے سل پر پیس لیجئے۔ اور پھر پاؤں کے تلووں پر اس کا لیپ کیجئے۔ دردِ سر ختم ہو جائے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دہکتے ہوئے کوئلے لیجئے اور اس پر ذرا سی شکر ڈال دیجئے۔ دردِ سر اس کے دھوئیں سے ختم ہو جائے گا۔

## نظر تیز کرنا

چار بادام۔ چٹکی بھر سونف اور ذرا سی مصری لے کر رات کو سوتے وقت کھا لیجئے اور اسے کھانے کے بعد ہرگز پانی نہ پیجئے۔ نگاہ دن بدن تیز ہوتی جائے گی۔

سرسوں کے تیل کے چند قطرے آنکھوں کے اوپر لگا کر ہر روز رات کو سوتے وقت مالش سی کیجئے۔ اس طرح نہ تو نظر کمزور ہو گی اور نہ کبھی آنکھوں کی بیماریاں لاحق ہوں گی۔

گاجروں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ اس سے آنکھوں کی بینائی بڑھاپے میں بھی خراب یا کمزور نہیں ہو سکتی۔

غسل کرنے سے پہلے پاؤں کے انگوٹھوں پر سرسوں کا تیل ملئے۔ کبھی نظر کمزور نہ ہو گی، چاہے عمر سو سال سے تجاوز کر جائے۔

## زخم درست کرنا

تل لیں اور اسے شہد میں پیس کر لیپ سا بنا لیں۔ اور پھر اس لیپ کو مرہم کی مانند محفوظ کر لیں۔ جب بھی کہیں زخم ہو وہاں یہ لیپ مرہم کی مانند مل دیں۔ زخم جلد مندمل ہو جائیں گے۔



## آنکھوں کے درد کا علاج

آنکھوں پر خالص دودھ کی ملائی کسی کپڑے پر رکھ کر باندھ دیں۔ اس دوران آنکھیں بند رکھیں۔ کم از کم پانچ گھنٹے آنکھیں بندھی رہنے دیں۔ آنکھوں کے ہر مرض کی شفا اس میں ہے۔

آنکھوں میں درد ہو تو روئی کا پھاہا لیں اور اسے گرم دودھ میں ڈبو کر آنکھوں کے آس پاس ٹکور دیں۔ آنکھوں کا درد دور ہو جائے گا۔

آنکھوں میں ذرا سا شہد ڈال لیں اور پھر پندرہ بیس منٹ بعد اسے دھو لیں۔ آنکھوں کا درد دور ہو جائے گا اور بینائی میں اضافہ ہو گا۔

## پلکوں کو دراز کرنے کی ترکیب

دودھ لیں۔ اور کسی فلالین کے کپڑے کو اس گرم دودھ میں ڈال کر آنکھوں پر رکھ دیں۔ جب اس کی گرمائش کم ہو جائے تو اس عمل کو بار بار کریں۔ مگر پانچ چار بار سے زیادہ نہیں اس سے پلکوں کی نشوونما ہو گی اور خوبصورت دکھائی دیں گی۔

## چیچک کے داغ دور کرنا

خالص پستہ لیجئے اور اسے پیس کر سفوف سا بنا لیجئے اور پھر رات کو سوتے وقت چیچک کے داغوں پر مسلسل ملئے۔ چھ ماہ ایسا کرتے رہیں پہلے داغ مدہم

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پڑ جائیں گے اور پھر آہستہ آہستہ ختم ہو جائیں گے۔ اس طریقے میں آپ کو انتظار ضرور کرنا پڑے گا۔ مگر اس انتظار کا نتیجہ خوبصورتی کی شکل میں سامنے آ سکے گا۔

## یاداشت تیز کرنا

چند بادام اور ذراسی کالی مرچ لیجئے اور اسے پیس کر یک جان کر کے کسی بوتل میں بند کر لیجئے۔ ہر صبح اُٹھنے کے بعد نہار منہ اسے کھائیے۔ کچھ ہی عرصے بعد آپ کا حافظہ اتنا تیز ہو جائے گا کہ آپ کو بچپن کی باتیں یاد آنے لگیں گی۔

## جسم میں چبھا ہوا کانٹا نکالنے کا طریقہ

جب جسم میں کانٹا چبھ جائے اور اس قدر اندر چلا جائے کہ کوشش کے باوجود نہ نکلتا ہو تو گھبرائیے نہیں۔ ذرا سا گڑ لیجئے اور پیاز لے کر اسے کاٹ لیجئے اور ان دونوں کو ملا کر اس جگہ پر باندھ دیجئے۔ کانٹا خود بخود باہر آ جائے گا۔

## دردِ شکم کے لئے

ذرا سا گڑ لیجئے اور چند مرچوں کے بیج نکال لیجئے اور اسے پھر یکجا کر کے تین چار بار میں نگل لیجئے۔ کچھ ہی دیر میں آپ خود کو مکمل صحت مند پائیں گے۔

ذرا سا نمک کھائیے اور اوپر سے گرم پانی کا ایک گلاس پی لیجئے۔ دردِ شکم کو آفاقہ ہوگا۔



## امراضِ جگر کے لئے

جگر کا کوئی بھی عارضہ ہو تو رات کو ایک مولی لے کر شبنم میں رکھ دیجئے۔ اسے صبح اُٹھ کر نہار منہ کھائیے۔ آپ تین ہفتے میں کسی بھی ڈاکٹر سے اپنا معائنہ کروا لیجئے آپ مرضِ جگر سے نجات پا چکے ہوں گے۔

## منہ کے چھالے ختم کرنے کے لئے

کافور اور کتھہ لیجئے اور اسے پیس کر دن میں تین چار بار اسے ان چھالوں پر ملئے۔ آفاقہ ہوگا۔

ذراسی مہندی پانی میں بھگو دیجئے۔ اور اسے کچھ دیر بعد چھان لیجئے۔ دن میں دو تین بار اس سے غرارے اور کُلی کیجئے۔ آفاقہ ہوگا۔

سبز دھنیا لیجئے اور اس کا عرق نکال لیجئے۔ دن میں تین چار بار اسے ان چھالوں پر ملئے آرام ہوگا۔

## انفلوئنزا سے شفا کے لئے

انفلوئنزا سے حفاظت اور شفا کے لئے آپ چائے پکاتے وقت اس میں ذرا سا ادرک اور دار چینی ڈال دیں۔ صبح و شام اسے استعمال کیجئے۔ شفا نصیب ہوگی اور اگر انفلوئنزا کی وبا کے دنوں میں اسے احتیاطی تدبیر کے طور پر استعمال کیا جائے تو انفلوئنزا سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## دردِ کان سے شفا کے لئے

مولی کو باریک باریک ٹکڑوں میں کاٹ لیجئے اور پھر اسے سرسوں کے تیل میں ڈال کر خوب گرم کر کے رس نکال لیجئے۔ اور پھر اس تیل کو کسی بھی شیشی میں محفوظ کر لیں۔ درد کے وقت کان میں چند قطرے ٹپکا لیجئے۔ شفا نصیب ہو گی۔

## دانت کے کیڑے ختم کرنے کیلئے

چنبیلی کے کچھ پتے لیجئے اور انہیں پانی میں اُبال لیجئے۔ ہر صبح نہار منہ اس پانی سے غرارے کیجئے۔ دانتوں کے کیڑے ختم ہو جائیں گے۔

## دھوپ کا اثر چہرے سے ختم کرنے کے کیلئے

چہرہ اگر لو یا گرمی سے جھلس سا گیا ہو اور دھوپ میں گھومنے سے رنگ سیاہ ہو گیا ہو تو اسے درست کرنا مشکل نہیں ہے۔ چہرہ گرم پانی سے ہر روز دھو لیا کیجئے اور پھر اس پر ٹماٹر کا رس ملئے۔ چہرہ پھول سا نکل آئے گا۔

## چمڑے سے پاؤں پر آبلہ پڑ جائے تو اسے دور کر لیجئے

نیا جوتا اکثر پاؤں میں آبلہ ڈال دیتا ہے اور یہ آبلہ بے حد تکلیف دہ ہوتا ہے ہرگز مت گھبرائیں۔ رات سوتے وقت اس آبلے پر انڈے کی سفیدی لگا دیجئے



درد اور آبلے کو آرام مل جائے گا۔

## سر اور کپڑوں میں جوئیں مارنے کا طریقہ

سر کو نہ دھونا اور کپڑے میلے رکھنے سے پسینے اور غلاظت کے باعث ان میں جوئیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ آپ ان سے بآسانی نجات پا سکتے ہیں۔ آپ کافور کے عرق کو تیل میں حل کر کے بالوں وغیرہ میں لگالیں۔ جوئیں فوراً مر جائیں گی۔

## زہریلے جانور کے کاٹے سے شفا یابی کے لئے

مولیوں کو کوٹ کر ان کا عرق کپڑے سے چھان کر نکال لیجئے اور دو تین بار روئی سے کاٹی ہوئی جگہ پر لگا دیجئے۔ ہر قسم کی تکلیف اور جلن ختم ہو جائے گی جس قدر مولی کا یہ عرق پرانا ہو گا اسی قدر تیر بہدف ہو گا۔

---

بچھو۔ بھڑ یا شہد کی مکھی وغیرہ زہریلے کیڑے نے اگر کاٹ لیا ہو۔ تو پیاز کا عرق نکال لیجئے اور اسے اس کاٹی ہوئی جگہ پر لگا دیجئے اور کچھ پیاز کھا لیجئے شفا ہو جاتے گی۔

## بالوں کی خشکی دور کرنے کا طریقہ

ناریل کے روغن میں لیموں کا ذرا سا عرق ملا لیجئے اور اسے سر پر پالش کیجئے۔ چند روز ایسے ہی کیجئے۔ سر کی خشکی ختم ہو جاتے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## اگر لو جائے تو

پیاز کا رس نکال کر اسے پی لیجئے۔ چند بار ایسا کرنے سے مکمل آفاقہ ہوگا۔

کچی ککڑی لیجئے اور اس کا رس نکال کر اس میں زیرہ ملا لیجئے۔ اس پانی سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

کچے آم لیں اور اسے راکھ میں خوب اچھی طرح بھون لیں۔ پھر چھلکا اتار لیجئے اور دو تین گلاس پانی اس میں ملا لیجئے۔ پھر اس میں گھی اور چینی ملا کر شربت کی مانند اسے پی لیجئے۔ لو کا اثر ایسا کرنے سے ختم ہو جائے گا۔

پالک کچی لیجئے اور اسے پیس کر اس میں ذرا سا پانی ملا لیجئے اور اسے پی لیں۔ ایسا کرنے سے فوراً فائدہ حاصل ہوگا۔

سرد پانی میں یوں بیٹھئے کہ پاؤں پانی سے باہر رہیں اور جسم کا گھٹنوں سے لے کر ناف تک کا حصہ پانی میں رکھئے اور پھر کسی نرم کپڑے سے پیٹ کو ملئے دو بار ایسا کرتے سے لو کا اثر کُل ختم ہو جائے گا۔

## نیند لانے اور دماغ و آنکھوں کے سکون کے لئے

اپنے پاؤں کے تلوؤں پہ خالص سرسوں کا تیل رات کو سوتے وقت ملئے اور چار پانچ منٹ ہر روز سونے سے قبل ایسا کیجئے۔ اس سے دماغ کو تراوٹ و سکون ملے گا۔ نظر بڑھے گی اور سکون سے نیند آتے گی۔ یادداشت تیز کرنے کے لئے اس سے بہتر چٹکلہ اور کوئی نہیں ہے۔



## مرض ہیضہ کے خاتمہ کے لئے

چند سرخ مرچیں پانی میں گھوٹ لیں اور اسے پی جائیں۔ اس طرح ہیضے سے آفاقہ ہو جائے گا۔

مرچ سیاہ ۸ عدد۔ ذرا سی مصری اور ڈھائی تولہ پیاز لے لیں اور اسے بخوبی گھوٹ لیں۔ باریک ہو جائے تو اس میں پانی ملا کر پی لیں۔ ہیضہ کو آفاقہ ہوگا۔

چند کڑوی سبز مرچیں لیں اور اسے پانی میں باریک گھوٹ لیں اور پی لیں ہیضہ فوری ختم ہو جائے گا۔

عرق کافور ہیضہ کا سب سے مجرب علاج ہے۔ ہیضہ کے وبا پھیل جائے تو گھر کے ہر فرد کو دن میں ایک دو بار چند قطرے عرق کافور کے پانی میں دیں۔ ہیضے کا خدشہ نہ رہے گا۔ اور اگر ہیضہ کی وبا پھیلی ہو اور کسی فرد کو ہیضہ ہو جائے تو اسے بھی پانی میں چند قطرے عرق کافور دیں ہیضہ کو شفا ہو گی۔

## ہچکی کے لئے

ہچکی آرہی ہو تو اس کا سب سے مجرب علاج یہ ہے کہ پانی میں شکر ڈال کر اس کا شربت بنا لیں اور پھر اُسے پی لیں، ہچکی ختم ہو جائے گی۔

ہچکی مسلسل آرہی ہو اور بند نہ ہوتی ہو تو آپ نرم گنے کی گنڈیریاں بنا لیجئے اور انہیں مسلسل چوسئے۔ ہچکی بند ہو جائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہچکی مسلسل آ رہی ہو تو ذرا سی چینی کھا لیں، ہچکی ختم ہو جائے گی۔

## آواز بیٹھ جائے تو اسے دُور کرنے کیلئے

آدھ سیر پانی میں ایک تولہ سونف ڈال کر اسے پکائیے چوتھا حصہ رہ جانے پر اسے اتار لیجئے اور چھان کر اس میں طبیعت کی خواہش کے مطابق چینی ملا لیجئے اور اسے استعمال کیجئے۔ دو تین بار پینے سے شفاء حاصل ہو گی۔

---

سونف ذرا ذرا سی منہ میں ڈال کر دن میں کئی بار چباتے اور اس کا رس پیتے رہتے، گلا صاف ہو جائے گا۔

## زہریلے کیڑے کے کاٹے کے درد کے لئے

کوئی چھوٹا سا زہریلا کیڑا کاٹ لے اور درد محسوس ہو رہا ہو تو آپ لیموں کا رس نکال کر اس مقام پر ملئے شفاء نصیب ہو گی۔

## چہرے کی چھائیاں دور کرنے کے لئے

سفید تل لیجئے اور اسے بھینس کے دودھ میں ڈال کر رگڑ لیں اور رات سوتے وقت چہرے پر مل لیں۔ صبح اٹھ کر اسے صابن سے صاف کر لیں۔ چھائیاں دور ہو جائیں گی اور چہرہ کھل جائے گا۔



## ہاتھوں کو ملائم کرنے کے لئے

رات سونے سے پہلے لیموں کا عرق اور گلیسرین لیں اور اسے ہاتھوں پر ملیں اور اسی حالت میں سو جائیں۔ صبح ہاتھ صاف پانی سے صاف کریں۔ ہاتھ نرم و نازک ہو جائیں گے۔

ہاتھوں پر زیتون کا تیل یا ٹماٹر کے ٹکڑے ملئے اس طرح ہاتھ نرم و ملائم ہو جائیں گے۔

## چہرے کے دانے ختم کرنے کے لئے

کالی مرچ لیں اور اسے صندل کی مانند رگڑ کر چہرے پر لیپ مل لیجئے۔ دو چار روز ایسا کرنے سے چہرے سے دانے ختم ہو جائیں گے۔

## منہ کی بدبو کو ختم کیجئے

دن میں دو تین بار سونف چبائیے اور اس کا عرق پی لیجئے چند دن میں آپ کے منہ سے بدبو کی بجائے خوشبو آنے لگے گی۔

## بال سفید ہونے سے بچانے کے لئے

بال اگر وقت سے پہلے سفید ہونا شروع ہو جائیں تو رات سونے سے پہلے ایک پاؤ دودھ میں چند قطرے بادام روغن ملا لیجئے اور حسب ذائقہ چینی اس میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ملا کر پی لیجیے۔ آپ ایسا روزانہ کریں کچھ عرصہ بعد بال سفید ہونا بند ہو جائیں گے اور سفید بال بھی اپنی رنگت سیاہی مائل کر لیں گے۔

## رنگت کو گورا کرنے کے لئے

خستہ سا ململ کا ٹکڑا لیں اور اسے پانی میں ڈال کر تیز آگ پر ابال لیں۔ جب آدھ گھنٹہ وہ پک جائے تو اس طرح جو بھاپ دیگچی سے اٹھ رہی ہو وہ اپنے چہرے کو دینا شروع کر دیں۔ جب کپڑا گرم ہو جائے تو اسے پانی سے نکال لیجیے اور قابل برداشت گرم ہو تو اسے چہرے پر رکھ کر پانچ منٹ تھپکیں۔ اور چہرے پر کوئی کریم مل کر سو جائیں۔ صبح اٹھ کر منہ دھو لیں۔ وہ لوگ جن کا رنگ بے حد سیاہ ہے وہ بھی اسے آزمائیں۔ وہ جلد شفا حاصل کر لیں گے۔

زندے کے چھلکے۔ سوکھے مالٹے کے چھلکے اور لال دال مسور ہم وزن لے لیں اور خوب پیس لیں۔ اسے پانی میں ڈال کر آمیزہ سا بنا لیں اور اسے ہر روز چہرے پر لگائیں۔ چہرے کی رنگت نکھرنا شروع ہو جائے گی اور رنگ سفیدی مائل ہو جائے گا۔

## اپنا رنگ سرخ و سفید بنائیے

کھلے منہ کے برتن میں پودینے کی پتیاں ابال لیں اور پھر اسے ڈھکن اتار کر کھلی جگہ رکھ دیں۔ اور پھر چائے کا چوتھائی کپ ہر صبح نہار منہ استعمال کریں۔ بہت جلد آپ کی رنگت سرخ و سفید ہو جائے گی۔



## زکام کے خاتمہ کے لئے

دہکتے ہوئے کوئلوں پر ذرا سی چینی ڈال لیں اور اسے سونگھیں اس دھوئیں سے آپ کا زکام دور ہو جائے گا۔

آٹے کا چھان آدھ پاؤ لیں اور اسے پاؤ بھر پانی میں پکا لیں۔ جب دو تین ابال آجائیں تو آپ نمک یا چینی جو مناسب خیال کریں اس میں ملا لیں۔ سرد پانی ہرگز نہ پئیں۔ پیاس لگے تو یہی پانی پئیں۔ زکام دور ہو جائے گا۔

زکام کی میعاد صرف تین دن ہوتی ہے اس کے بعد زکام از خود ختم ہو جاتا ہے اس دوران کھٹائی۔ تیل اور سرد اشیاء سے پرہیز کریں بغیر کسی دوا کے زکام ختم ہو جاتا ہے۔

ہلدی لے کر اسے دہکتے ہوئے انگاروں پر رکھ دیجیے اور اس کا دھواں ناک کے راستے اندر کھینچئے۔ اور ایسا کرنے کے بعد کمبل اوڑھ کر سو جائیے۔ پسینہ آنے دیجیے اور پانی ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

## گردے اور مثانے کی پتھری دور کرنے کے لئے

نرم پتے مولی کے جس قدر آپ کھا سکیں کھاتے رہیں۔ اس عمل میں بیس بائیس دن میں پیشاب کے راستے پتھری خارج ہو جاتی ہے۔

سہاگہ تیلیا ایک تولہ لیں اور اسے باریک پیس لیں۔ اسے روغن گاؤ پانچ تولہ میں ملا کر پکائیں۔ سہاگہ پھول جائے تو نکال کر پیس لیں اور بارہ تولہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شہد ملا لیں ہر روز تین ماشہ کھائیں پتھری ختم ہو جائے گی

ایک پودا ہے جس کا نام ہے "پتھر چٹا" یہ پتے توڑ لیں اور انہیں کھاتے رہیں پتھری ختم کرنے کے لئے یہ سب سے اکسیر علاج ہے۔

## کیل مہاسے ختم کیجئے

پہلے یہ معلوم کیجئے۔ کہ یہ گرمی خشکی سے ہیں یا تری سے اور تب علاج کی طرف آیئے۔

یہ گرمی سے ہیں تو صبح نہار منہ ایک سرد گلاس باسی پانی اور لیموں کا شربت لیجئے۔ اور دن بھر زیادہ سے زیادہ پانی پیجئے۔ مصالحہ اور تیز اشیاء ہرگز استعمال مت کیجئے۔

اور اگر کیل مہاسے خشکی کے باعث ہوں تو رات سونے سے قبل چہرے پہ دودھ کی بالائی ملیئے۔

اور اگر کیل مہاسے تری سے ہوں تو پھٹکری پانی میں بھگو کر رکھ لیجئے۔ اور دن میں تین چار بار اس کا پانی منہ پر لگایئے۔ کیل مہاسے اس عمل سے ختم ہو جاتے ہیں اور سرخ و سفید رنگت نکل آتی ہے۔

## جنون کو ختم کرنے کے لئے

انسانی بال لیں اور اسے روغنِ گل میں جلا کر حل کر لیں۔ اسے سونگھنے سے جنون کا عارضہ ختم ہو جاتا ہے اس کا فوری عمل آزمودہ ہے۔



## سکتہ کے خاتمہ کے لئے

ہینگ لیں اور اسے عرق سونف میں ڈال کر پیس لیں۔ مریض کو یہ سنگھانے سے سکتہ دور ہو جاتا ہے۔

## کھانسی کے خاتمہ کے لئے

کھانسی اگر بچے کو ہے تو اسے چھوٹی الائچی پیس کر کھلا دیجئے۔ کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔

شہد کو گرم کر کے بچے کو دیں ـــ اس سے بھی کھانسی ختم ہو جائے گی

ادرک کا عرق نکال لیں اور اسے شہد میں ملا کر بچے کو دیں۔ کھانسی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

آٹے کا چھان پانچ چھ تولہ لیں، اسے پانی میں ڈال کر خوب ابالیں اور حسب منشا اس میں نمک یا میٹھا شامل کر کے اس پانی میں پلائیں۔ کھانسی ختم ہو جائے گی۔

سرد پانی ہرگز استعمال نہ کریں۔

اُبلے ہوئے انڈے کی زردی لیں اور اسے شہد میں ملا کر کھائیں۔ اس عمل سے سخت سے سخت کھانسی کو بھی شفا نصیب ہوتی ہے۔

نمک سانبھر دو تولہ ایک سیر دودھ گائے دونوں چیزیں ملا لیں اور اسے آگ پر چڑھا دیں۔ دودھ خشک ہو جائے تو دو رتی ہر صبح چاٹ لیں۔ کھانسی کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ڈیڑھ پاؤ پانی میں دو ماشہ مُنڈی بوٹی ڈال لیں اور خوب جوش دیں۔ پانی آدھ پاؤ رہ جائے تو اسے چھان کر اس میں دو رتی نمک ملا لیں۔ صبح و شام پلانے سے کالی کھانسی کو بھی شفاء ہو جاتی ہے۔

## نسیان (بھول) کا مرض ختم ہو جائے گا

اس مریض کو دار چینی بے حد فائدہ دیتی ہے۔ دن میں دو تین بار دار چینی کا ٹکڑا منہ میں ڈال کر چبانے سے مرضِ نسیان دور ہو جاتا ہے۔

چار ماشہ "کندرات" لیں اور اسے پانی میں بھگو لیں۔ صبح اسے نتھار کر پانی میں چینی شامل کریں اور پی لیں۔ نسیان کے مرض کے لئے بے حد اکسیر ہے۔

## مسوڑھوں کے مرض کے لئے

مسوڑھے مرض بادی کے باعث پھول جاتے ہیں اور بے حد تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ داڑھ کے نیچے ادرک کا ٹکڑا رکھ کر چبا لیجئے اور اسے اندرون رخسار کی جانب دبائیے۔ اس طرح مسوڑھوں سے بادی کا پانی خارج ہو جاتا ہے اور درد کو شفا مل جاتی ہے۔

## مرگی کے دوروں کے لئے

مرچ سیاہ دو تولہ اور دس تولہ مُنڈی بوٹی لیں اسے گائے کے دودھ میں ملا لیں۔ چھ چھ ماشہ مریض کو کھلائیں۔ مرگی کا عارضہ ختم ہو جائے گا۔



## آنکھ کے دانے کے خاتمہ کیلئے

آنکھ میں دانے نکل آئیں تو ماش کی دال کا استعمال متواتر کریں۔ شفا مل جائے گی۔

## پلکیں گرتی ہوں تو

شہد میں کبوتر کی بیٹ ملا کر لگائیں — پلکوں کا گرنا بند ہو جائے گا۔

## لقوہ کے لئے

سیاہ کبوتر لیں اور اسے ذبح کر کے پکا لیں اور ہر دوسرے دن کھائیں دو تین کبوتر کھانے سے لقوہ از خود ختم ہو جائے گا اور مکمل شفا نصیب ہوگی۔

## کالی کھانسی کے لئے

ہلدی کی گانٹھیں لیں اور اسے آگ پر بھون لیں۔ سفوف بنا کر کسی بوتل میں بند کر دیں۔ ہر روز صبح و شام تین ماشہ مسلسل استعمال کریں۔ چند روز میں افاقہ ہوگا۔

خشک کھانسی کی صورت میں چار بادام رات کو پانی میں بھگو دیں — صبح چھلکے اتار دیں اور مٹی کے برتن پر گھس کر اسے کھا لیں۔ پانچ چھ روز میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شفاء نصیب ہو گی۔ اور کس قدر بھی پرانی اور تکلیف دہ کھانسی ہو ختم ہو جائیگی۔
اگر کالی کھانسی میں کوئی بچہ مبتلا ہے تو انار کا تازہ چھلکا لیں اور اسے آگ پر رکھ کر جلا لیں۔ جل جانے پر احتیاط سے اسے اٹھا لیں اور اس کا باریک سفوف بنا لیں — اس سفوف کی مقدار کا بیسواں حصہ اس میں نمک لاہوری ملا لیں جب کھانسی کا دورہ ہو تو ذرا سا یہ سفوف کھلا دیں۔ کھانسی ختم ہو جائے گی۔
بلغمی کھانسی کی صورت میں مندرجہ بالا سفوف شہد میں ملا کر دن میں دو تین بار دیں۔ چند روز میں شفاء نصیب ہو گی۔

## دمہ کے لئے

وہ دودھ جو بچہ جننے کے بعد گائے پہلی بار دے اسے تازہ حالت میں کہ اس کی حرارت بھی ابھی ختم نہ ہوئی ہو اچھی طرح پیٹ بھر کر پی لینے سے دمہ ختم ہو جاتا ہے۔

اگر بلغمی دمہ ہو تو مٹی کے برتن میں ایک پاؤ گندم جلا کر کوئلہ بنا لیں۔ پھر اس میں آدھ جلی آدھ پاؤ ہلدی ملا لیں — جو باریک پسی ہوئی ہو۔ گندم کو اس کے ہمراہ باریک پیس لیں — دس پندرہ روز چھ ماشہ روز کھلاتے رہیں۔ شفا حاصل ہو گی۔

## سینے کا دباؤ ختم کرنے کے بارے میں

گرم دودھ میں زعفران اصل ڈال کر پی لیجئے سینے کا دباؤ ختم ہو جائے گا۔



## بال چمک دار بنایئے

لیموں کا رس نکال لیجئے اور اسے بالوں میں ڈال کر خوب اچھی طرح مالش کیجئے۔ کچھ دیر یوں ہی اسے رکھئے اور پھر دھو دیجئے بال چمکدار ہونا شروع ہو جائیں گے۔ چند دن میں بال چمکدار ہو جائیں گے۔

## بال لمبے کرنے کے لئے

رات پانی میں املی ڈال کر بھگو رکھئے اور پھر صبح اس پانی سے بال دھوئیے بال اس طرح دھونے کا عمل کم از کم ایک ہفتہ ضرور کیجئے اور پھر بالوں میں ناریل کا تیل ڈال کر ملئے۔ بال لمبے ہو جائیں گے۔
سیکاکائی آملہ اور ریٹھہ ہم وزن لیں اسے بخوبی دھو لیں اور پھر پیس لیں۔ اس طرح اس کا آمیزہ سا بنا لیں۔ پھر کھولتے پانی میں ایک چمچہ یہ آمیزہ ڈال دیں۔ نیم گرم ہو جائے تو اس سے سر کو دھو لیں۔ اس سے بال کالے اور لمبے ہو جائیں گے۔
(یاد رہے اگر یہ پانی چہرے پر لگے گا تو رنگ سفید سے سانولہ ہو جائے گا چنانچہ اس پانی سے سر دھوتے وقت اسے چہرے پر نہ لگنے دیں —)

## (یرقان) کے لئے

یرقان کے لئے سب سے مفید گاجر ہے۔ کسی کھرل میں زرد یا دامی گاجریں کھرل

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کریں۔ اور اسے کپڑے میں ڈال کر نچوڑ لیں۔ اس عرق میں جو دس بارہ تولہ ہو ایک تولہ مصری ملا لیں۔ صبح و شام اسے پیتے رہیں۔ یرقان ختم ہو جائے گا۔

منڈی بوٹی تازہ لیں اور اسے کوٹ کر اس کا عرق نکال لیں۔ ایک تولہ صبح و شام استعمال کریں بہت جلد یرقان ختم ہو جائے گا۔

## پھوڑے پھنسی کے خاتمہ کے لئے

جس جگہ پھوڑا پھنسی ہو تل کے تیل اور مرغی کے انڈے کی سفیدی ملا کر اس کا لیپ کر دیں۔ پھوڑا پھنسی از خود ختم ہو جائے گا۔

## سر کی خشکی دور کرنے کے لئے

رات کو سونے سے پہلے سر کی جلد اور بالوں میں اچھی طرح زیتون کا تیل مل کر اسے دھو لیجئے کچھ دنوں میں خشکی دور ہو جائے گی۔

## قبض کے خاتمہ کے لئے

بغیر چھنے آٹے کی روٹی کا استعمال کیجئے۔ قبض از خود ختم ہو جائے گی۔

سونف اور گل قند ملا کر کھائیے۔ قبض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

انجیر گرم دودھ میں ڈال کر پی لیں۔ یا دودھ میں بھیگی ہوئی انجیر کھائیے قبض رفع ہو جائے گی۔



## دانت کا درد ختم ہو جائے گا

لہسن کا پانی نکال لیجئے اور اسے داڑھ یا دانت پر روئی کے پھاہے کو بھگو لگائیے۔ اور منہ کو کھلا چھوڑ دیجئے۔ مواد نکل جائے گا اور درد ختم ہو جائے گی۔

## جلنے والی جگہ کے آرام کے لئے

اگر جسم کا کوئی حصہ جل یا جھلس جائے تو اس پر فوراً تیل سرسوں لگا دیجئے یا وہ عضو جو جل گیا ہے۔ فوراً سرسوں کے تیل میں ڈبو دیجئے۔ آبلہ نہیں پڑے گا۔ اور نہ ہی کوئی نشان وہاں ظاہر ہو گا۔

## دائمی قبض کے خاتمہ کے لئے

مسواک کا مسلسل استعمال یا ایک دو میل پیدل ہر صبح چلنے سے دائمی قبض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

رات گرم دودھ سے چھ سات ماشہ منڈی بوٹی کھانے سے قبض نہیں رہتی ــــ

رات سوتے وقت دودھ میں روغن زیتون ڈال کر پینے سے قبض ختم ہو جاتا ہے۔

گرم دودھ میں گھی یا روغن بادام ڈال کر پی لیں ــ دائمی قبض کا خاتمہ یقینی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## شہد کی مکھی یا بھڑ کے کاٹے ہوئے حصہ پر جلن ختم ہو جائے گی

ذرا سا نمک سرکہ میں ملا کر اس متاثرہ مقام پر لگائیے آفاقہ ہوگا۔

جہاں ڈنک لگا ہے وہاں عرق کافور مل دیں۔ جلن ختم ہو جائے گی اور ٹھنڈک پیدا ہوگی۔

## دانتوں کے سیاہ نشان ختم کرنے کے لئے

چنبیلی کے پتے ابال لیجئے اور ہر صبح اس پانی سے کلیاں کیجئے تو دانتوں پر پڑے سیاہ نشان ختم ہو جائیں گے اور دانتوں میں چمک پیدا ہو جائے گی۔

## اندرونی چوٹوں کے آرام کے لئے

کھیلنے کے گیند، پتھر یا کسی اور چیز سے معمولی اندرونی چوٹ آئی ہو۔ تو ہلدی کی ایک گانٹھ لیجئے اور اسے پانی میں پیس لیجئے۔ اس میں پانی ملا کر اسے ذرا سا گاڑھا کر لیں۔ ہر روز ذرا سا پان کا چونا لیں اور اس میں ملا کر اسے گرم کر لیں۔ جب گاڑھا سا ہو جائے تو اسے گرم گرم مگر قابلِ برداشت حد تک اس مقام پر لیپ کر دیں جہاں چوٹ لگی ہے۔ دو تین بار ایسا کریں۔ مکمل شفاء ہوگی۔

اگر پرانی اور سخت اندرونی چوٹ ہے تو اس کی شفا کے لئے جوٹ بجی، آمبا ہلدی۔ سمندری پھین۔ میدہ لکڑی پیڑ یا کتھ ایک ایک تولہ لے کر باریک پیس لیجئے۔ ذرا سا پانی ملا کر اسے ابال آنے دیجئے۔ گاڑھا ہونے پر اتار دیجئے۔



قابلِ برداشت گرم چوٹ پر اس کا لیپ کر دیں۔ پھر سرسوں کا تیل لگا کر انڈوے کے پتے اوپر رکھیں اور روئی رکھ کر باندھ دیں۔ ایک رات یہ لیپ کریں تو دوسرا لیپ دوسری رات کو کریں۔ دو تین بار کرنے سے سخت ترین اور پرانی چوٹوں کے کرب کا نشان بھی باقی نہیں رہتا۔

## چہرے کی جلد نرم اور دلکش کرنے کے لئے

ایک انڈے کی زردی کو کسی پیالے میں ڈال لیں اور روغن بادام اس میں دو چائے کے چمچ ملا لیں۔ چکنی جلد ہے تو بیس قطرے عرق لیموں شامل کر لیں۔ سبھی کو چمچے سے خوب ہلا کر حل کر لیں۔ یہ جھاگ سا بن جائے گا اور آپ کی ایک گھریلو کریم تیار ہو جائے گی۔ اسے آہستہ آہستہ چہرے پر ملئے اور دس بارہ منٹ تک ایسا کیجئے۔ پھر چہرہ نیم گرم پانی سے دھو کر صاف کر لیجئے۔ چند دن میں چہرے پر کافی فرق محسوس ہوگا اور عمر بڑھنے کے باوجود چہرے کی دلکشی برقرار رہے گی۔

---

غسل کرنے کے بعد لیموں کا عرق رخساروں پر مل لیجئے اور پھر کچھ دیر بعد سرسوں کا تیل لگا لیجئے۔ پھر اسے تولیہ سے صاف کر دیجئے۔ آپ کا چہرہ گلاب کے پھول کی مانند ہو جائے گا۔

## چہرے کے شکن دور کرنے کے لئے

تازہ عرق ببول دن میں دو تین بار چہرے پر ملئے اور پھر کسی عمدہ صابن سے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



چہرہ دھو ڈالئے۔ ایسا کرنے سے چہرے کے شکن دور ہو جائیں گے۔

## بچّے کے پیٹ کا ابھار دور کرنے کے لئے

چار ماشہ سونف لیں اور اسے تھوڑے سے پانی میں ڈال کر اُبال لیں لے ٹھنڈا کر کے بچے کو تھوڑا تھوڑا پانی دیتے رہیں۔ حیرت انگیز طریقے سے جلد ابھار ختم ہو جائے گا۔

## دردِ کان کے خاتمے کے لئے

گیندے کے پھول کا رس نکال لیجئے اور اس میں نمک شامل کر کے کان میں ڈال دیجئے۔ یاد رہے یہ نیم گرم ہونا چاہیئے درد فوری بند ہو جائے گا۔

## دردِ سر دائمی کے خاتمہ کے لئے

چار چار ماشہ مُنڈی بوٹی صبح و شام تازہ پانی سے کھلاتے رہنے سے بہت جلد دائمی دردِ سر سے نجات مل جاتی ہے۔

## ناخنوں کو چمکدار بنانے کے لئے

ناخنوں کو چمکدار بنانے کے لئے ان پر عرق لیموں ملئے۔ آپ دیکھیں گے کہ چند بار ناخنوں پر عرق لیموں ملنے سے ناخن چمکدار ہو جاتے ہیں۔



## زخموں کے آرام کے لئے

گھی میں نیم کے پتے جلا کر اس گھی کو زخموں پر لگایئے۔ جلد آرام ملے گا۔

## بچھّو کے کاٹنے کے لئے

عرق کافور بچھو کاٹے کی جگہ پر ملنے سے آرام ملتا ہے۔

لہسن اور نمک پیس کر بچھو کاٹے کے مقام پر لیپ کر دیں۔ زہر کا اثر اور درد ختم ہو جائے گا۔

## سانپ کاٹے کے لئے

سب سے پہلے تو اس مقام پر جہاں سانپ نے کاٹا ہے مضبوط رسی یا ڈوری سے تین بند لگا دیں اور خون کا دوران وہاں روک دیں تاکہ وہ دل کی جانب نہ جائے۔ اور پھر اسے خوب پیاز کھلائیں۔ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ مگر کسی ماہر کی طرف ضرور رجوع کریں تاکہ زہریلا خون جسم سے خارج کیا جا سکے۔

شہد خالص اور عرق لہسن تین تین تولہ ملا کر چٹاتے رہیئے۔ یہ زہر کا اثر ختم کرنے کے لئے اکسیر ہے۔

آدھ سیر دودھ گائے میں ایک تولہ لہسن کھرل کر لیں۔ اور مریض کو فوراً پلا دیں شفاء ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## آنکھ میں چونے کی چھینٹ پڑ جائے تو

چونے کی چھینٹ آنکھ میں پڑ جاتے تو پھٹکری پانی میں حل کر کے آنکھ میں ڈال دیں شفا ہوگی۔

## خونی بواسیر کی صورت میں

کچے ناریل پر بھورے رنگ کے ریشے لیں اور انہیں جلا کر راکھ بنا لیں اور محفوظ کر لیں ہر روز بکری کے دودھ کے ساتھ ایک ماشہ کھلاتے رہیں۔ اکسیر ہے۔

## زیادہ چھینکیں روکنے کے لئے

سبز دھنیا سونگھنے سے زیادہ چھینکیں آنا بند ہو جاتی ہیں۔ اس کا پانی نکال کر سونگھنے سے بھی ایسا ہی عمل ہوتا ہے۔

## کنکھجورا جسم سے چمٹ جائے تو

کنکھجورا اگر کھال سے چمٹ جائے یا کان میں گھس جائے تو اس پر سفید شکر ذرا سی ڈال دیں۔ وہ کھال کو اسی وقت چھوڑ دے گا۔

اس پر پیاز کا عرق ڈال دیں۔ وہ اسی وقت کھال سے ناخن نکال لے گا اور تڑپ کر ہلاک ہو جائے گا۔



پیاز بھلبھلا کر اس زخم پر جو کنکھجورے کے ناخن سے ہوا ہے باندھ دیں آرام آ جائے گا۔

## گلے کی سوزش کے لئے

ذرا سی گلیسرین۔ شہد اور پاؤ بھر دودھ ملا کر پینے سے مکمل افاقہ ہوتا ہے۔

پاؤ بھر پانی میں شہد ملا کر نیم گرم سے غرارے کریں گلے کی سوزش ختم ہو جائے گی۔

## مسوڑھوں کو مضبوط کر لیں

ذرا سا شہد سرکہ میں ڈال کر اس سے کلیاں کریں تو مسوڑھے مضبوط ہو جائیں گے اور دانت بھی اس عمل سے ضرور مضبوط ہوں گے۔

## آسانی سے بچے کے دانت نکلنے کے لئے

بچے کے مسوڑھوں پر گائے یا بھینس کے مکھن میں شہد ملا کر بچے کے مسوڑھوں پر ملتے رہنے سے بچے کے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔

## لو نہیں لگ سکتی

اگر دہی یا کسی ترش چیز میں پیاز ملا کر کھائی جائے تو سخت ترین دھوپ میں بھی لو نہیں لگ سکتی۔ پیاز پاس رکھ لیں اور سر ڈھانپ کر جہاں چاہیں گھومیں۔ لو نہیں لگے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## نکسیر بند کیجئے

نکسیر پھوٹنے کے بعد دونوں ہاتھ اوپر کو اُٹھائیں اور گردن و منہ پر سرد پانی کے چھینٹے دیں۔سر اور پیشانی پر پانی ڈالیں پانی میں ذرا سا نمک گھول کر پلادیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

## قے روکنے کے لئے

زیادہ قے آتی ہوں تو سفید زیرہ ذرا سی چینی میں ملا کر تھوڑے سے پانی میں گھول کر پی لیں۔اس سے کافی فائدہ حاصل ہوگا۔

بار بار قے اور متلی آتی ہو تو دو تین بار چھوٹی الائچی چبانے سے متلی اور قے بند ہو جائے گی۔

## آدھے سر کا درد — دور ہو جائے گا

لیموں کے چھلکے لیں اور اسے کوٹ پیس کر سر اور پیشانی پر ملنے سے آدھے سر کا درد دور ہو جاتا ہے۔

مخالف ناک کے نتھنے (یعنی جس طرف درد ہو اس کی الٹی طرف کے نتھنے) میں ایک قطرہ شہد ٹپکادیں۔آدھے سر کا درد ختم ہو جائے گا۔

لسن ذرا سا پیس لیں اور جس سمت میں درد ہو اس سمت کی کنپٹی پر لیپ کردیں۔اگر اس لسن پسے ہوئے میں ذرا سا شہد ملا کر لیپ کریں تو زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔



## دھنیا ایک طبیب

دھنیا ایک طبیب ہے۔اگر آپ اس میں برابر مصری ملالیں اور اس کا استعمال ہر روز کریں تو آپ کو جریان و احتلام سے نجات مل جائے گی۔ شہوانی خیالات کا غلبہ ہو تو اس کا استعمال ان خیالات سے آپ کو نجات دلادے گا۔ آپ نے وہ بات تو عام سنی ہوگی۔کہ فلاں شخص نے تو دھنیا پی رکھا ہے۔یہ ایک مخصوص مردانہ کمزوری کی طرف اشارہ نہیں کرتا بلکہ قوتِ شہوانی کی زیادتی کو کم کرنے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

## ادرک کا استعمال

ادرک کو اگر آپ شہد کے ساتھ ملا کر چاٹیں تو اس سے سردی والی کھانسی سے حیرت انگیز حد تک جلد نجات مل جاتی ہے۔

## پتھری کے خاتمہ کے لئے

پتھری والے مریضوں کے لئے یہ بے حد ضروری ہے کہ وہ مولی کھائیں اور مولی کے پتے بھی استعمال کریں۔دن میں کئی بار مولی کے پتے کھانے سے اس مرض سے شفا ملتی ہے۔

مولی کھانے سے پیشاب کی سبھی بیماریاں درست ہو جاتی ہیں اور جگر و مثانہ کی گرمی کو دور کرنے میں مولی اکسیر اعظم ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## املی — دوا بھی — غذا بھی

املی کے چھلکے اور بیج ختم کر دیں اور اس کا مغز الگ کر لیں اس کا مغز پیس لیں اور پھر اس میں مصری بھی شامل کر لیں۔ یہ بے حد مقوی باہ ہے۔ اسے دودھ کے ساتھ استعمال کریں آپ کی منی گاڑھی ہو جائے گی۔

## دماغی کام کرنے والوں کے لئے

وہ لوگ جو دماغی کام کرتے ہیں۔ طالب علم، پروفیسر، کاروباری اصحاب وغیرہ اگر وہ اپنے لئے گوشت کی بجائے پھل اور سبزیوں کو غذا بنا لیں تو وہ اٹھارہ گھنٹے مسلسل کام کر کے بھی تھکن محسوس نہ کریں گے۔

## امراضِ قلب کا ڈاکٹر۔ سنگترہ

اگر آپ امراضِ قلب میں مبتلا ہیں تو چند ماہ سنگترہ استعمال کریں۔ انگور اور سیب بھی کھائیں۔ وہ بھی مفید ہیں اور اس کے بعد کسی بھی ماہر مرضِ قلب سے معائنہ کروائیں وہ آپ کو بتا دے گا کہ آپ کبھی مرضِ قلب میں مبتلا نہ ہوئے تھے۔

## موٹاپا — اور اس کا سدِ باب

وہ شخص جو موٹے ہو چکے ہیں اور دبلے ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے جسم کی فالتو چربی کو تحلیل کر دیں اور اس کے لئے سب سے اہم



علاج سبزیاں کھانا۔ لیموں اور کھٹی اشیاء کھانا ہے۔

## تپ دق اور پرانی کھانسی کو ختم کیجئے

وہ لوگ جو تپ دق اور پرانی کھانسی کے دائمی مریض ہیں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ وہ اپنا علاج خود کریں۔ وہ مسلسل پھل اور سبزیوں کا استعمال اس طرح کریں کہ پھل اور سبزیوں کو کچی اور پکی دونوں حالتوں میں استعمال کریں۔ وہ بہت جلد ان بیماریوں سے نجات پالیں گے۔

## بینائی تیز ہو جائے گی

سونف برابر مقدار میں شکر کے ہمراہ ملا کر رات کو کھاتے رہنے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے۔

## کان درد کا آسان علاج

روغن گل اور سرکہ برابر مقدار میں پکا کر کانوں میں ڈالیں۔ کان کا درد فوری دور ہو جائے گا۔

---

سفید پیاز کا عرق اور مرغی کے انڈے کی سفیدی دونوں ہم وزن لیں اور ان کے چند قطرے کان میں ڈالیں کان درد کو بے حد افاقہ ہو گا۔

سبز پتے مولی کے لیں اور ان کا تین چھٹانک پانی نکال لیں۔ دونوں کو

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس قدر آگ پر پکائیں کہ وہ جل جائے۔ اسے نیم گرم کان میں ڈالیں۔ کان درد فوراً بند ہو جائے گا۔

سفیدی انڈہ اور روغنِ گل ہم وزن لے کر ملالیں اور انہیں کان میں ڈال لیں۔ کان کا درد اور ورم ختم ہو جائے گا۔

روغن گل تین تولہ اور ابہل ۱ تولہ ملاکر جلالیں اور صاف کر لیں۔ اسے کان میں ڈالیں۔ بہرہ پن ختم ہو جائے گا۔

## آواز بیٹھ جائے تو اسے کھول لیجئے

پرانے جو لیں اور ان کو بھون لیں۔ دو تولہ کی مقدار میں یہ چند بار کھائیں۔ آپ حیران رہ جائیں گے کہ آپ کی بیٹھی ہوتی آواز کھل جائے گی۔

## بہرا پن — دور کیجئے

ایک ماشہ نوشادر لیں اسے پانی میں حل کر کے اس مائع کو کان میں حسبِ ضرورت ڈالیں۔ کان کا بہرا پن کچھ ہی عرصہ کے مسلسل استعمال سے ختم ہو جائے گا۔

## بلغمی کھانسی اور دمہ کے لئے

تمباکو کی جلیٹھی کو دوبارہ آگ پر رکھ کر اس قدر جلائیں کہ اس کا رنگ سفید نکل آئے۔ اسے پان میں دو رتی رکھ کر کھاتے رہیں۔ آپ پر یہ حیرت انگیز



انکشاف ہوگا کہ بلغمی کھانسی اور دمہ اس سے دور ہو جائے گا۔

---

نیم برشت انڈے کی زردی ۲ رتی ہینگ میں ملاکر کھانے سے بلغمی اور پرانی کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔

---

۶ ماشہ عرق گاؤ زبان لیں۔ اسے چینی ملاکر پی لیں۔ پرانی کھانسی کے لئے مجرب ہے۔

---

منقیٰ اور اس سے دوگنی مقدار میں چینی اور مغز بادام لے کر انہیں باریک پیس لیں۔ صبح و شام چھ ماشہ کھاتے رہیں۔ ہر قسم کی کھانسی ختم ہو جائے گی۔

---

۲ تولہ گندم کو پانی میں جوش دیں اور اس پانی کو چھان لیں۔ اس میں ایک ماشہ نمک ملالیں۔ اسے پینے سے کھانسی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ بے حد مجرب اور آزمودہ ہے۔

---

بادام کے مغز کے سات دانے پیس لیں۔ تھوڑی سی چینی ملاکر صبح و شام کھائیں۔ چند دن میں بلغمی کھانسی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

---

کیلے کے خشک پتے لیں اور انہیں جلالیں۔ ان میں ذرا سا نمک شامل کر لیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دو ماشہ کی مقدار میں صبح و شام کھائیں بلغمی کھانسی کا نشان نہ رہے گا۔

بچوں کو کھانسی ہو تو کتیرا اور چینی برابر مقدار میں لیں اسے ماں کے دودھ میں یا بکری کے دودھ میں ملا کر بچوں کو پلائیں۔ پرانی کھانسی ختم ہو جائے گی۔ کاکڑا سنگی کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر بچوں کو کھلائیں۔ سینہ کے غرغرہ اور پرانی کھانسی کو شفاء حاصل ہو گی۔

## بچوں کے نمونیہ کے لئے

موم بتی کے شعلے پر لسن کے ایک جوہ کو جلالیں اور اس کا پانی ماں کے دودھ میں حل کر کے بچے کو دیں۔ تین چار ماہ کے بچے کے لئے بے حد مفید ہے۔ بچے کا نمونیہ ختم ہو جائے گا۔

## خون تھوکنے والوں کے لئے

دو تولہ برگ بانسہ لیں اور اسے ذرا سی چینی میں ملالیں۔ اسے پینے سے خون تھوکنے کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔

## بچوں کے دردِ سینہ کے لئے

بچے کو سینے کا درد سردی وغیرہ کے باعث ہو تو ایک تولہ ملیٹھی تھوڑے سے پانی میں جوش دے لیں۔ اسے چھان کر اس میں تولہ بھر شہد ملالیں۔



درد سینہ کے لئے بے حد مفید دوا ہے۔

## اختلاجِ قلب کے لئے

چقندر کو بھوبل میں بھون لیں اور چھلکے الگ کر دیں۔ گرم گرم نوش بنا کر ان پر مصری کو باریک کر کے چھڑک دیں۔ اس سے کچھ دیر بعد پانی نکل آئے گا۔ چار بار دن میں یہ پانی پینا شروع کر دیں۔ بہت جلد اختلاجِ قلب ختم ہو جائے گا۔

## بواسیر کی خارش ختم ہو جائے گی

کچلہ کو پانی میں گھس کر مسے پر لگائیں۔ مسے خشک ہو جائیں گے اور خارش ختم ہو جائے گی۔

## ناصورِ مقعد کے لئے عجیب ٹوٹکہ

دو عدد بچھو لیں اور انہیں گائے کے ۴ تولہ گھی میں ڈال کر گرم آگ پر پکائیں۔ روئی اس میں تر کر کے لگائیں۔ مقعد کا ناصور ختم ہو جائے گا۔

## بواسیر کے مسوں کے لئے ایک اور ٹوٹکہ

چونے کے پانی سے آبِ دست کرنے سے بواسیر کے مسے ختم ہو جایا کرتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## بواسیر خونی و بادی کے خاتمہ کے لئے

کیترا باریک پیس لیں اور تین ماشہ ایک کیلے میں ڈال کر رات بھر شبنم میں رکھ چھوڑیں۔ صبح یہ کیلا لیں اور کھالیں۔ اس سے خونی اور بادی بواسیر ختم ہو جاتی ہے۔

## پتھری اور دردِ گردہ کے لئے

مغز تخم تمہ طلم (کسم) کو باریک پیس لیں۔ پھر ہم وزن اس میں دار چینی ملالیں صبح و شام ۶ ماشہ کھائیں۔ دردِ گردہ اور پتھری کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## پیشاب میں شکر (ذیابیطس) کے لئے

جامن کی خشک گٹھلیاں پیس لیں۔ سادہ پانی سے ہر روز تین ماشہ کھاتے رہیں۔ ذیابیطس کا خاتمہ ہو جائے گا۔

---

۵ تولہ فالسہ کے درخت کی چھال لے لیں۔ ایک پاؤ پانی میں رات بھر بھگوئے رکھیں۔ صبح چھان لیں اور دو تولہ مصری ملا کر اسے پئیں۔ کچھ عرصہ استعمال کرنے سے ذیابیطس کا خاتمہ ہو جائے گا۔



## پیشاب کا مرض اور گردہ مثانہ کی پتھری کے خاتمہ کے لئے

ایک عدد بیج ابہود اور دو چھٹانک گلاب ملا کر پیس لیں۔ چند روز مسلسل پینے سے گردہ اور مثانہ کی پتھریاں خارج ہو جائیں گی۔

---

رات کو دو چھٹانک پانی میں ایک تولہ بھون پھلی بھگو دیں صبح اسے چھان لیں اور دو تولہ مصری اس میں ملا کر پی لیں۔ چند روز میں پیشاب کی جلن دور ہو جائے گی۔

---

ہم وزن رائی اور قلمی شورہ پیس لیں۔ اسے چھ ماشہ پانی کے ساتھ کھالیں۔ پہلی خوراک ہی بند پیشاب جاری کر دے گی اور پیشاب رکنے کی شکایت کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## سوزاک ختم کیجئے

مغز کرنجوہ باریک پیس لیں۔ مصری ہم وزن بھی باریک پیس کر انہیں باہم ملالیں۔ دودھ کی لسی سے یہ دوا روزانہ چھ ماشہ کھائیں۔ مرضِ سوزاک کا نشان نہ رہے گا۔

---

مشہور گھاس دوب سفید ایک تولہ اور سیاہ مرچ ۵ عدد پانی میں پیس

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اسے چھان کر پیتے رہیں۔ چند دن میں سوزاک کا خاتمہ یقینی طور پر ہو جائے گا۔

---

تازہ پانی میں دو تولہ شیشم کے پتے پیس کر پیتے رہیں۔ سوزاک کا خاتمہ یقینی ہے

---

چار ماشہ کباب چینی باریک پیس لیں اور ہم وزن مصری ملا لیں۔ دودھ کی لسی کے ہمراہ ہر روز ۶ ماشے کھائیں۔ سوزاک ختم ہو جائے گا۔

## پیٹ کے کیڑوں کے لئے

جست کے پتے لیں اور ان کا دو تولہ پانی نچوڑ لیں۔ انہیں پینے سے پہلی خوراک میں پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ یاد رہے یہ بے حد کڑوی دوا ہے۔ اسے پینے کے بعد کوئی میٹھی چیز کھا لینے میں حرج نہیں ہے۔

## ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑئیے

بیر کی گٹھلی باریک پیس لیں اور پرانے سرکہ میں اسے ملا لیں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کے مقام پر اسے لگا کر مضبوطی سے باندھ دیں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑ جائے گی۔

## ہر قسم کی بدہضمی دور کیجئے

دار پیپل باریک پیس لیں۔ اسے ۶ ماشہ گڑ میں ایک ماشہ ملا کر کھا لیں۔



ہر قسم کی بدہضمی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## خونی دست بند ہو جاتے ہیں

مصری چاول کی پیچ میں ملا کر پینے سے خونی دست بند ہو جاتے ہیں۔

## اندرونی چوٹ کا درد ختم ہو جائے گا

تھوڑے سے پانی میں نمک ملا کر اسے گرم کر لیں اور چوٹ کی جگہ پر لیپ کر دیں۔ درد دور ہو جائے گا۔

---

جسم میں اندرونی چوٹ کا درد ہو تو چھ ماشہ نمک اور ۶ ماشہ دار چینی ملا کر اسے کھا لیں۔ درد ختم ہو جائے گا۔

## منہ کے زخم و چھالے دور ہو جائیں گے

دو تولہ سہاگہ اور ایک تولہ گلیسرین۔ سہاگہ پیس کر باہم ملا لیں اور اسے پندرہ تولہ شہد میں حل کر لیں۔ اسے آپ چھالوں اور زخموں پر لگا دیں گے۔ تو وہ بہت جلد درست ہو جائیں گے۔

## ہونٹوں کے پھٹنے کا علاج

تربوز کے کچے بیج لیں اور اسے مناسب مقدار پانی میں ملا کر پیس لیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



رات کو انہیں ہونٹوں پر لیپ کر دیں۔ اور صبح اٹھ کر انہیں گرم پانی سے دھو دھو دیں۔ بہت جلد پھٹے ہوئے ہونٹ درست ہو جائیں گے۔

## پت (گرمی دانے) دور کرنا

گرمی دانوں (پت) پر ذرا سا نمک پانی میں حل کر کے مل دیں۔ یہ گرمی دانے دور ہو جائیں گے۔

## آگ کا زخم مندمل کرنا

گاجر کو پیس کر جلے ہوئے مقام پر لیپ کر دیں۔ شفاء حاصل ہو گی۔

شہد جلی ہوئی جگہ پر لگا دیں۔ زخم مندمل ہو جائے گا اور وہاں زخم کا نشان بھی نہ رہے گا۔

شکر سفید پانی میں حل کر لیں اور اسے جلے ہوئے مقام پر لگا دیں۔ سوزش ختم ہو جائے گی۔

جسم کے جلے ہوئے حصے پر انڈے کی سفیدی لگا دیں۔ سوزش ختم ہو جائے گی اور آبلہ نہیں پڑے گا۔



## کان میں پڑا پانی نکالنا

کان میں پانی پڑ جائے تو کوئی دوا ہرگز استعمال نہ کریں۔ بلکہ الٹے پاؤں چلیں۔ کان سے پانی نکل جائے گا۔

## پیچش دور کرنے کے لئے

۲ ماشہ تالمکھانہ دن میں چند بار دو چھٹانک دہی میں ملا کر کھانے سے پیچش اور خونی دستوں کو آرام آ جاتا ہے۔

## دانت درد اور منہ کی سوزش کے لئے

ایک تولہ دھنیا کو پانی میں جوش دیں اور اس سے کلی کرنے سے دانت کا درد اور منہ کی سوزش کو آرام ملتا ہے۔

## درد کو آرام آ جائے گا

رائی کو سرکہ میں پیس لیں اور پھر اسے تر کھلی اور درد کے مقام پر لیپ کریں۔ چند بار ایسا کرنے سے شفاء حاصل ہو گی۔

گل ببولی سرکہ میں ملا کر باریک پیس لیں اور درد کے مقام پر لیپ کریں۔ درد کو آرام آ جائے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## اپنا خون صاف کیجئے

۲ تولہ شیشم کے تازہ پتے چند دن پانی میں جوش دے کر پیتے رہیں۔ آپ کے خون کی ہر خرابی ختم ہو جائے گی۔

## برص ختم ہو جاتا ہے

السی کو سرکہ میں پیس کر برص کے مقام پر لیپ کرنے سے سفیدی ختم ہونا شروع ہو جاتی ہے اور برص کو مکمل شفا مل جاتی ہے۔ آزمودہ ہے۔

---

سرسوں کے بیج باریک پیس لیں اور پھر اسے ایک ہفتہ تک سات ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کرتے رہیں۔ دوا کے استعمال کے دوران غذا کم سے کم کھائیں۔ بے حد مفید علاج ہے۔

## نکسیر کے لئے آزمودہ ہے

ہیراکسیس کو باریک پیس لیں اور تھوڑے سے پانی میں اسے حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

## مرگی کا دورہ ختم کیجئے

آپ لوگ مرگی کے مریض کو جوتا سنگھاتے ہیں جو ایک غلط اور ناپاک



علاج ہے۔ مرگی کا جب بھی کسی شخص کو دورہ پڑے اس کا ناک دبا دیجئے اور ایک آدھ منٹ بعد پل بھر کو چھوڑ کر پھر دبا دیجئے۔ دو چار بار ایسا کرنے سے مرگی کا دورہ ختم ہو جائے گا اور مریض خود اٹھ کر بیٹھ جائے گا۔ بارہا آزمودہ ہے۔

## دست بند کرنے کے لئے

گور کی چھ ماشہ پتیاں پانی میں پیس کر پینے سے دست آنا بند ہو جاتے ہیں۔

## قوت باہ کے لئے

گائے کے دودھ میں گوکھرو کو خشک کر لیں۔ اسے تین بار اس دودھ میں تر کر کے خشک کریں۔ اسے پھر پیس کر باریک کر لیں اور ہم وزن مصری ملا دیں۔ اسے ہر روز چھ ماشہ استعمال کریں۔ بے حد فائدہ مند ہے۔

---

مغز گھیکوار لیں اس کے برابر وزن میں سونٹھ باریک پیس کر رکھ لیں۔ ۶ ماشہ روزانہ استعمال کریں۔ قوت باہ اور کمر و پہلو کے درد کے لئے بے حد فائدہ بخش ہے۔

---

رات کو ایک پاؤ پانی میں دو تولہ لسوڑھے کی کونپلیں بھگو دیں۔ صبح اسے چھان کر پی لیں۔ سوزاک اور جریان منی کے لئے بے حد مفید دوا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سمندر سوکھ باریک پیس لیں اور ہم وزن مصری اس میں ملالیں۔ اسے ذرا سے دودھ کے ہمراہ چار ماشہ استعمال کریں۔ سوزاک کو فائدہ دیتا ہے۔ اور مغلظ منی ہے

---

کھیری کے دانت کی چھال خشک کرکے کوٹ چھان لیں۔ سفوف بنا کر اس میں ہم وزن مصری ملالیں۔ ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ ہر روز ۶ ماشہ استعمال کریں۔ مغلظِ منی اور مقوی باہ ہے۔

---

سن کے بیج باریک کر کے ہم وزن مصری ملالیں۔ ۶ ماشہ ہر روز استعمال کریں رقعتِ منی کے لئے اکسیر ہے۔

---

ایک عدد چھوہارہ کی گٹھلی نکال لیں اور اسکے اندر مغز پنبہ دانہ بھر دیں اور پھر پاؤ بھر دودھ میں جوش دیں، دودھ کھولنے لگے تو اسے اتار لیں۔ پہلے چھوہارہ کھائیں اور پھر چینی ملا کر حسبِ منشا دودھ پی لیں۔ مقوی دماغ و بھر اور مقویِ باہ ہے۔

---

تخمِ سرس کا باریک سفوف بنا کر، ہم وزن مصری ملالیں۔ ہر روز ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ ۶ ماشہ استعمال کریں۔ جریان اور رقعتِ منی کیلئے بے حد مفید ہے۔

---

اندر جو کو گرم کر کے پانی میں ایک دن بھگو کر رکھ دیں۔ پھر چھلکا اتار کر



دوگونہ شہد خالص کف گرفتہ میں گوندھ کر آٹھ روز پڑا رہنے دیں۔ پھر صبح و شام ۳ ماشہ استعمال کریں بے حد مقوی باہ ہے۔

اسگند کو باریک کوٹ کر رکھ لیں۔ ہم وزن چینی ملا کر کھانے سے قوتِ باہ بڑھے گی

دو ماشہ بوڑہ ارمنی باریک پیس لیں اور شہد ملا کر اسے عضوِ مخصوص اور فوطوں و زیرِ ناف مالش کریں۔ قوتِ باہ میں بے حد اضافہ ہوگا۔

## ورم تحلیل ہو جائے گا

املتاس کی جڑ لیں۔ پیس کر ورم والی جگہ پر لیپ کر دیں۔ ورم تحلیل ہو جائے گا۔

## بستر پر پیشاب کی عادت کا خاتمہ

زیرہ سیاہ اور پوست آملہ ہم وزن پیس لیں۔ تین ماشہ تک تین ماشہ شہد ملا کر کھائیں۔ بستر پر پیشاب کر دینے کی عادت کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## آواز صاف ہو جائے گی

خولنجان منہ میں رکھ کر چوستے رہنے سے آواز درست ہو جاتی ہے۔

## ہچکی بند کرنے کے لئے

نک چھنی کو سونگھنے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہچکی والے شخص اچانک، کوئی فکرمندانہ خبر سنا دیجئے، ہچکی بند ہو جائے گی۔

## تلی کا ورم ختم کر لیں

نوشادر پسا ہوا باریک، پونے دو ماشہ اور ۴ تولہ مولی کا پانی ملا کر چند روز استعمال کریں۔ تلی کا ورم ختم ہو جائے گا۔

## بھولنے کا مرض

بلغمی مادہ کے باعث مرض نسیان والے افراد دار چینی چبایا کریں۔ یہ مرض ختم ہو جائے گا۔

## باری کا بخار — اُتار دیجئے

ریوند چینی پیس کر رکھ لیں۔ وہ شخص جسے باری کا بخار آتا ہے اسے باری والے دن ایک رتی ہر ایک گھنٹہ بعد دیں باری کا بخار رُک جائے گا۔ سردی کا بخار بھی اس طرح ختم ہو جاتا ہے۔

## مثانے و گردے کی پتھری نکل آئے گی

تھوڑی سی السی لیں اور اسے پانی میں جوش دے کر پینے سے گردے کی پتھری گردے سے جلد نکل جائے گی۔

---



منقی کا بیج نکال کر اس میں سیاہ مرچ کے چند دانے رکھ کر کھائیں، چند روز استعمال سے گردہ و مثانہ کی پتھری باہر نکل آئے گی۔ پیشاب قطرہ قطرہ آنا بھی اس علاج سے ختم ہو جاتا ہے۔

---

گیندے کے پتے ایک تولہ لیں اسے ذرا سے پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور پی جائیں۔ گردے و مثانے کی پتھری ختم ہو جائے گی۔ نیز خونی بواسیر کو بھی شفا نصیب ہو گی۔

## پرانی کھانسی دور ہو جائے گی

چلغوزہ کے مغز نکال کر چھ ماشہ شہد میں ملا کر کھانے سے پرانی کھانسی کو شفا حاصل ہوتی ہے۔

## موم سے بواسیر دور کیجئے

خالص موم تین ماشہ لیں اور اسے ایک ماشہ کافور میں ملا لیں۔ اس کی گولی بنا کر کھا لیں تو بواسیر کا خون رک جائے گا چند روز متواتر استعمال کرنے سے بواسیر کا خاتمہ لازمی ہے۔

## اسپغول آنکھوں کا جالا کاٹ دے گا

مصری اور اسپغول، ہم وزن لے لیں، سرمے کی مانند باریک پیس لیں اور سلائی سے اسے آنکھوں میں لگائیں۔ ہلکے جالے کو کاٹ دینے میں لاثانی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## تلسی — بدہضمی اور پیٹ کے کیڑوں کے لئے

چھ ماشہ تلسی کے پتے لیں۔ اسے تین چھٹانک پانی میں جوش دے لیں۔ اور پھر تھوڑی سی چینی ملا کر اسے پینے سے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔ اور بدہضمی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## خشک کھانسی اور خشخاش

سفید خشخاش اور مصری برابر مقدار میں لے کر پیس لیں اور دن میں دو تین بار چھ چھ ماشہ کھاتے رہیں پرانی کھانسی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

تین ماشہ منقہ لیں اور اسے چباتے اور چوستے رہیں اس سے پرانی سے پرانی کھانسی کا بھی خاتمہ ہو جائے گا۔ اور لہسن و پیاز کھانے سے جو بدبو منہ سے آتی ہے۔ منقہ چوسنے سے وہ بھی ختم ہو جاتی ہے۔

## ماہواری کی خرابی

رات کو پانی میں دو دو تولہ چنا اور تل بھگو دیں۔ صبح اسے جوش دے کر پانی چھان لیں۔ ایک ہفتہ متواتر پیتے رہیں وہ عورتیں جن کی ماہواری بند ہو جاتی ہے ان کو ماہواری باقاعدہ آنے لگے گی۔



## بلغم کی زیادتی اور مرضِ نسیان کا علاج

½ ۴ تولہ کندر لیں اور اسے رات کو تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں۔ صبح پانی نتھار لیں اور نہار منہ یہ پانی پئیں۔ بلغم کی زیادتی کو ختم کرنے میں لاثانی ہے مرض نسیان کا بھی اس سے خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## چنے پیٹ کے کیڑے ہلاک کر دیتے ہیں

رات کو مٹھی بھر چنے سرکہ میں بھگو دیں۔ اور یہ چنے صبح نہار منہ کھا لیں۔ اور کوئی دوسری غذا دوپہر تک نہ کھائیں۔ پیٹ کے کیڑے ایک ہی بار کھانے سے ہلاک ہو جائیں گے۔

## ملیریا بخار کے لئے

ایک تولہ تلسی کی سبز پتی نصف ماشہ سیاہ مرچ کے ہمراہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ سردی سے بخار چڑھنے اور ملیریا کے لئے اکسیر دوا ہے اس کا استعمال بلغمی بخاروں میں بھی لاجواب اثر کرتا ہے۔

## فلفل اور کھانسی

فلفل کو چلم میں تمباکو کی جگہ رکھ کر حقے میں پینے سے کھانسی کا نشان تک مٹ جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## زہریلے زخم کا مقناطیس سے علاج

وہ زخم جو زہریلے ہتھیار سے لگا ہو خطرناک ہوتا ہے۔ ایسے زخم پر سنگِ مقناطیس باریک پیس کر چھڑک دیں۔ زخم بھر جائے گا اور خون نکلنا بھی بند ہو جائے گا۔

## کان کا درد اور کیڑے۔ سرکے سے علاج کریں

سرکے کو گرم کر لیں اور پھر اسے دوا کی مانند بوند بوند کر کے کان میں ٹپکائیں۔ کان کا درد بند ہو جائے گا اور کان کے کیڑے مر جائیں گے۔

## بواسیر کو مہندی سے دور کیجئے

مہندی کے پتے خشک کر کے باریک پیس لیں اور پھر اسے گھی میں تر کر کے بواسیر پر لگائیں۔ بواسیر کے مسے بیٹھ جائیں گے۔

## بے خوابی کا علاج کدو سے کریں

آپ بے خوابی کی شکایت رکھتے ہیں تو چھ ماشہ مغز کدو لیں۔ مصری ملا کر رات کو کھائیں تو بے خوابی کا عارضہ ختم ہو جائے گا۔

## دل کی دھڑکن اور معدہ کے لئے

سنگِ یشب باریک پیس لیں اور چار رتی شہد ملا کر چاٹیں۔ اسی سے دل



کی دھڑکن کا عارضہ ختم ہو جائے گا۔ بے حد مقوی معدہ بھی ہے۔

## دانت درد اور کیڑوں کا خاتمہ کیجئے

دانت میں درد ہے اور دانتوں میں کیڑے آپ کے لئے پریشانی کا موجب ہیں تو آپ ذرا سی ہینگ لیں اور اسے دانت کے درد والے مقام پر رکھ دیں۔ فوری آرام آجائے گا۔

## آواز بیٹھ جائے تو لکڑی کا برادہ کھائیے

لکڑی کا میدہ لے کر اسے مزید باریک پیس لیں اور دو ماشہ تھوڑے سے شہد میں ملا کر کھانے سے آواز کا بیٹھنا دور ہو جائے گا۔

## گنج پن کا شرطیہ علاج

بکری کے کھر لیں اور انہیں جلا کر سرکہ میں حل کر لیں۔ اسے گنج پر ملتے رہنے سے بتدریج بال اُگ آتے ہیں۔

---

کوے کے پر لیں اور انہیں جلا کر سرکہ میں ملا لیں۔ وہ مقام جہاں سے بال گر گئے ہیں یا سر جہاں سے گنجا پن نمودار ہو چکا ہے وہاں یہ تیل سا لگائیں۔ چند روز کے استعمال سے وہاں بال اُگ آتے ہیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## ساگ سے دردِ کان دُور ہو جاتا ہے

لال ساگ لیں اور اسے کچل کر اس کا پانی نکال لیں۔ پھر اسے نیم گرم کر کے کان میں ڈال لیں۔ کان کا درد ختم اور زخم خشک ہو جائے گا۔ بے حد اکسیر ہے۔

## مینڈک اور آنکھوں کا علاج

خشک نمناک زمینوں میں رہنے والا مینڈک پکڑ لیں اور اس کے ہم وزن پنبہ دانہ لے کر دونوں کو ایک ساتھ جلائیں پھر اسے سہہ کی مانند باریک پیس لیں۔ موتیابند ختم ہو جائے گا۔

## میتھی درد۔ بلغم اور دردِ سینہ کی دوا ہے

چھ ماشہ میتھی لیں۔ اسے تھوڑے سے پانی میں جوش دے کر ابال لیں۔ پھر اسے چھان کر چھ ماشہ شہد ملا لیں۔ بلغمی کھانسی۔ درد اور سینہ کی بلغم کو دور کرنے میں لاثانی ہے۔

## بواسیر کا کامیاب علاج

ابلوا اور کتھا ہم وزن لے کر باریک پیس لیں پھر اس میں ذرا سا پانی ملا کر بواسیر کے مسوں پر ملیں۔ بواسیر کے مسے بیٹھ جائیں گے۔



## کوڑی۔ جلد کے نشان ختم کر دیتی ہے

کوڑی کو جلائیں اور باریک پیس لیں۔ اس میں پھر لیموں کا پانی ملائیں۔ جلد پر لگنے سے جلد پر پڑے ہوئے نشانات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## پیشاب کے امراض اور کھیرا

ایک تولہ بیج کھیرا نیم کوب کر لیں اور اسے ایک پاؤ پانی میں رات کے وقت بھگوئیں۔ صبح ہلکا جوش دے کر اسے چھان لیں۔ اسے پینے سے پیشاب کی جلن اور رکاوٹ کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## یرقان — اور کباب چینی

ساڑھے چار ماشہ کباب چینی باریک پیس لیں اور اسے مولی کے پانی دو تولہ کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔ دردِ سر اور یرقان کا خاتمہ ہو جائے گا۔ دیرینہ مریض ایک ہفتہ استعمال کریں۔

## سہاگہ — حیض کا علاج ہے

سہاگہ بریان لیں اور اسے باریک پیس لیں۔ اسے ایک ماشہ دن میں تین بار دودھ کے ساتھ کھائیں۔ حیض میں تھوڑا تھوڑا خون آئے۔ درد ہونے کو ختم کرتا ہے اور اس سے حیض کھل کر آتا ہے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## آواز کو صاف اور سُریلی بنائیں

دو چھٹانک پانی میں ۹ ماشہ کباب چینی جوش دیں۔ اسے چھان کر اس میں ذرا سی چینی ملا کر پئیں۔ اگر آواز بیٹھی ہوئی ہو تو اس کے استعمال سے صاف اور سریلی ہو جائے گی۔ یہ جوشاندہ حلق کے ارد گرد موجود بلغم کو بھی ختم کر دیتا ہے

## کافور اور نکسیر

دھنیا کے تازہ پتوں کے ساتھ کافور ملا کر پیشانی یا تالو پر لگائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

## دانت درد اور دانت کے کیڑوں کا علاج

کٹالی (کٹیلا) کو جڑ سے پورے پودے کو اکھاڑ لیں۔ پھر اسے ٹکڑے کر کے پانی میں جوش دے دیں اور اس سے کلی کریں۔ دانت درد کو دور کرنے اور دانت کے کیڑوں کو ہلاک کرنے میں لاجواب ہے۔

## امرود کے پتے اور دست

پانی میں امرود کے ڈیڑھ تولہ پتے پیس لیں۔ اسے پینے سے ہر قسم کے دست بند ہو جائیں گے۔



## ورم کا علاج

مغز کرنجوہ کو باریک پیس کر استسقاء کے ورم پر مالش کرنے سے ورم ختم ہو جاتا ہے۔

## شلغم ۔ جو گردہ اور مثانہ کی پتھری نکال دے گا

شلغم اور کلتھی آدھ آدھ چھٹانک لیں اور اسے پانچ چھٹانک پانی میں جوش دے لیں۔ جب پانی چوتھائی رہ جائے تو اسے اتار کر کپڑے سے چھان لیں۔ نصف صبح نیم گرم کر کے پی لیں اور باقی نصف شام کو نیم گرم کر کے پی لیں۔ یہ جوشاندہ گردہ اور مثانہ سے پتھریاں نکالنے میں بے حد مفید ہے۔

## درد قولنج سے شفایابی

۷ عدد لونگ اور نصف مغز کرنجوہ لیں۔ انہیں باریک پیس کر نیم گرم پانی سے استعمال کریں۔ درد ریح اور قولنج کے لئے یہ بے حد مفید ہے۔ فوراً درد کو شفاء مل جاتی ہے۔

## کندر ۔ زیادتی پیشاب کی دوا ہے

کندر لیں اور اسے باریک پیس لیں۔ ساڑھے چار ماشے پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ پیشاب قطرہ قطرہ آنے اور پیشاب کی زیادتی کے لئے از حد مفید ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اسے ہر روز تین ماشے کھائیں۔

## اسہال کی اکسیر اعظم دوا

برگ لکڑونڈہ کو کھرل کریں اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح وشام تین گولیاں کھانے سے پرانے دست بند ہو جاتے ہیں۔ ہیضہ میں جب دست زیادہ آرہے ہوں اور کمزوری بے حد محسوس ہو رہی ہو تو یہ گولیاں بے حد فائدہ مند ہوتی ہیں۔

## جوڑوں کے درد کے لئے

برگ ثنا لیں اور باریک پیس کر تین گنا شہد ملالیں۔ ہر روز ایک تولہ کھائیں۔ جوڑوں کے پرانے دردوں کے لئے بھی یہ بے حد مفید ہے۔

## پرانے پیچش کے لئے

تخم گندنا کو بریاں کر کے باریک کر لیں۔ صبح وشام چار ماشہ کھائیں۔ پرانے اسہال اور پرانی پیچش کے لئے بے حد مفید ہے۔

---

سونف کو باریک پیس کر رکھ لیں۔ صبح وشام چار ماشے استعمال کریں۔ پرانے دست ختم ہو جائیں گے۔



## درد کا علاج سیندور سے

نیم کی تازہ پتیوں کے ساتھ سیندور کو پیس لیں۔ اسے درد کی جگہ پر لیپ کر دیں۔ شفا حاصل ہو گی۔

## سانپ کی کینچلی اور برص کا علاج

سانپ کے کینچلی لیں اور ہم وزن نوشادر ملا کر باریک پیس لیں۔ پھر اسے تھوڑے سے سرکے میں حل کر لیں۔ برص والی جگہ پر لگانے سے برص کو شفا ہوتی ہے

## درخت شہتوت۔ خارش و زخموں کا علاج ہے

درخت شہتوت کے پتوں کو باریک پیس لیں۔ اسے تر خارش پر لیپ کریں یا زخموں پر لگائیں شفا حاصل ہو گی۔

## جریان کا علاج

موصلہ سنبل کو باریک پیس لیں اور اس میں ہم وزن دار چینی شامل کر لیں۔ چالیس روز روزانہ چھ ماشہ کھائیں۔ جسم کو فربہ کرنے۔ جریان اور رقت منی میں بے حد شافعی ہے۔

## ریوند چینی اور ماہواری ایام

ریوند چینی اور ہم وزن مصری برابر پیس لیں۔ وہ عورت جسے درد کے ساتھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ماہواری آتی ہو وہ ماہواری ایام سے دو روز قبل چھ ماشہ حیض آنے سے پہلے کھلائے چار دن مسلسل استعمال سے آسانی سے اور کھل کر ماہواری آئے گی۔

## کلونجی پیٹ کے کیڑے ہلاک کر دیتی ہے

دو تولہ کلونجی اور ایک تولہ سرکہ ہر روز کھانے سے پیٹ میں کبھی کیڑے پیدا نہیں ہوتے اور موجود کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔

## دردِ زہ اور زعفران

جب عورت کو دردِ زہ ہو تو دو تولہ زعفران پانی میں حل کر کے اس عورت کو پلا دیں۔ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

## تازہ چوٹ کے درد کا علاج

شریفہ کے بیج پانی میں پیس لیں اور چوٹ والی جگہ پر لیپ کر دیں۔ درد کو فوری سکون مل جائے گا۔

## دردِ سر کا ناک سے علاج

سمندر پھلی کو پانی میں پیس لیں۔ صبح و شام ناک میں دو قطرے ٹپکائیں۔ دردِ سر ختم ہو جائے گا۔



## اس طرح زخم جلد بھر جائیں گے

کنیر کی خشک پتیاں لیں اور باریک پیس کر زخموں پر چھڑکیں۔ زخم جلد بھر جائیں گے۔

## گوگل۔ ہسٹریا کی دوا ہے

گوگل کی دھونی دینے سے ہسٹریا کے مرض میں مبتلا عورت کو پانچ منٹ میں آرام آ جائے گا اور اگر وہ بے ہوش ہے تو اسے ہوش آ جائے گا۔

## یرقان ختم کیجئے

گلوئے نیب ۳ تولہ نیم کوب کر لیں اور اسے ایک پاؤ پانی میں جوش دیں آدھ رہ جائے تو اسے چھان لیں اور ایک تولہ خالص شہد اس میں ملا لیں۔ چند روز استعمال کرنے سے یرقان کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## پیاز۔ بچھو کے ڈنگ کا شافعی علاج ہے

سفید پیاز لیں اور اس کا پانی نکال کر جس مقام پر بچھو نے کاٹا ہے لیپ کر دیں زہر اتر جائے گا اور جلن ختم ہو جائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## امراضِ چشم کیلئے

سرمہ اور سفید کاشغری دونوں برابر، ہم وزن لیں اسے گلاب میں ایک ہفتہ کھرل کریں اور محفوظ کر لیں بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔ آنکھوں کی جلن، ضعف بصارت اور بیشتر امراضِ چشم کے لئے مفید ہے۔

## کرنجوہ سے اگزیما کا علاج

کرنجوہ کی چھال سایہ میں خشک کر لیں اور اسے کوٹ چھان کر باریک کر لیں۔ ہر روز سرد پانی کے ہمراہ سات ماشہ استعمال کریں۔ دورانِ استعمال نہ کریں، اگزیما کے لئے بے حد مفید ہے۔

## باری کا بخار — اور مرچ سیاہ

آب برگ دھتورہ میں مرچ سیاہ ایک تولہ حل کر لیں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ باری کے بخار کی باری آنے سے دو گھنٹہ قبل استعمال کریں باری ختم ہو جائے گی۔

## کھانسی اور دمہ ختم ہو جائے گا

ایک پاؤ برگ اڑوسہ ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ ایک پاؤ رہنے پر کپڑے سے چھان لیں۔ پھر پرانی قند سیاہ دو تولہ اس میں ڈال کر اس قدر آگ پر جوش



دے کر قوام بنائیں کہ بالکل گاڑھا ہو جائے اور گولیاں بنالیں۔ گولیاں چنے کے دانے کے برابر بنائیں۔ دو گولیاں بوقت ضرورت منہ میں رکھ کر چوسیں۔ کھانسی اور دمہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

## کنٹھ مالا۔ بیل کے سینگوں سے ختم ہو جائیگی

جوان بیل کے سینگ کا مغز نکال لیں اور اسے مٹی کے پیالے میں بند کر کے آگ پر رکھیں کہ یہ مغز جل جائے۔ تب اسے نکال لیں اور باریک پیس لیں۔ تھوڑے سے شہد کے ہمراہ تین چار ماشہ استعمال کریں۔ کنٹھ مالا کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## تخم سردانی — اور خونی بواسیر

تخم سردانی لیں اور اسے باریک پیس کر رکھ لیں۔ اکیس روز اسے چھ ماشہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ خونی بواسیر اسی سے بالکل ختم ہو جائے گی۔

## لہسن — بند پیشاب کھول دے گا

اگر پیشاب بند ہو جائے تو لہسن کا ایک جوا اس قدر چھیل کر باریک کر لیں کہ وہ پیشاب والے سوراخ میں داخل ہو سکے۔ اس طرح پیشاب بند ہو تو فوراً کھل جاتا ہے

## ناسور کا خاتمہ کیجئے

سفید گھونگھچی لیں اور اسے روئی کی بتی میں لپیٹ کر ناسور میں رکھ دیں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



زخم بہت جلد بھر جائے گا۔

## دردِ داڑھ ۔۔ یکدم بند ہو جائے گا

لکوئے خشک لیں اور اس کا دھواں اس داڑھ کو دیں جس میں درد ہے۔ یکدم درد بند ہو جائے گا۔ دو تین بار دھواں دینے سے پھر کبھی اس داڑھ میں درد نہ ہوگا۔

اگر آپ کے کسی دانت یا داڑھ میں درد ہے تو ایک عام کاغذ لے کر اسے جلائیں اور اس کے دھوئیں کو جس طرف دانت میں درد ہے اس کی مخالف سمت میں ناک سے سونگھیں۔ یکدم درد بند ہو جائے گا۔ دوبارہ درد شروع ہو جائے تو پھر ایسا ہی کریں۔

## گلِ ارمنی ۔۔ اور کثرتِ حیض

بھنے ہوئے چنے اور گلِ ارمنی ہم وزن لیں اور ان کا باریک سفوف بنا لیں۔

کثرتِ حیض والی عورت صبح سرد پانی سے ۴ ماشہ یہ سفوف استعمال کرے۔ شفاء حاصل ہوگی۔

## مدار کا دودھ ۔ مسّے ختم کر دیتا ہے

مسوں پر مدار کا دودھ دو تین دن لگانے سے مسّے بالکل ختم ہو جاتے ہیں۔

## مرگی کے مریض کا ہینگ سے علاج

سکنجبین سادہ ۹ ماشے میں ایک ماشہ ہینگ حل کر لیں اور بے ہوش مرگی کے مریض کے



حلق میں ٹپکائیں۔ فوراً مرگی کا دورہ ختم ہو جائے گا۔

گدھے کے دائیں پاؤں کا کھر تراش لیں اور اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں مرگی کا مریض اسے انگوٹھی بنا کر پہن لے۔ مرگی کا کبھی دورہ نہیں پڑے گا۔

## ماہواری کا علاج

سفید موصلی ہم وزن چینی کے ہمراہ ملا کر پیس لیں۔ چھ ماشہ صبح و شام کھانے سے ماہواری کی زیادتی ختم ہو جائے گی۔

ریوند چینی باریک سفوف بنا کر ہم وزن مصری کے ہمراہ ملا لیں۔ ۶ ماشہ صبح و شام استعمال کرنے سے درد کے ساتھ ماہواری نہ آئے گی۔

## سیاہ مرچ ۔۔ زبان کی لکنت ختم کر دے گی

عقرقرحا اور سیاہ مرچ ایک ایک ماشہ لیں اور پانی میں اسے پیس لیں چالیس روز مسلسل استعمال کرنے سے زبان کی لکنت ختم ہو جائے گی۔

## پھٹکری ۔ سوزاک کے خاتمہ کیلئے

گلابی پھٹکری کو جلا کر راکھ کر لیں۔ اور آدھا ماشہ کسی کیلے میں رکھ کر کھائیں۔ اور اس کے بعد تھوڑا سا دودھ ضرور پی لیں سوزاک کا خاتمہ ہو جائے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## کتے کے کاٹے کا شافعی علاج

درخت جنت کے پتوں کا ایک تولہ پانی نچوڑ لیں اور اس مریض کو پلائیں جسے کتے نے کاٹا ہے اسے پینے سے آپ کو قے ہو گی اور زہر ختم ہو جائے گا

## استسقاء کا علاج

آب برگ گروندہ ایک تولہ لیں اور پانچ تولہ بکری کے تازہ دودھ کے ہمراہ ہر روز بائیس دن مسلسل استعمال کرتے رہیں اس کے استعمال سے استسقاء (پیڈ روگ) کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا

## گولر — قاتل زہر

وہ شخص جس نے زہر یا سنکھیا کھا لیا ہے اسے گولر کی چھال اور پتیاں تھوڑا سا کھتہ ملا کر پلا دیں۔ اس کے کھانے سے بہت جلد زہر ختم ہو جائے گا

## ہینگ — دردِ گردہ کے لئے

خالص ہینگ بقدر دانہ باجرہ خالص۔ موم جوار کے دانے کے برابر میں رکھ کر کھائیں۔ دردِ گردہ کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## انڈے کی سفیدی۔ آنکھ کی بیماریوں کا علاج

ایک پیالہ میں انڈے کی سفیدی لیں۔ اور اسے اس قدر ایک لکڑی سے



جلائیں کہ پھین رکھنے لگے۔ گرمی کے باعث آنکھ میں درد اور سرخی ہو تو اس سے شفاء حاصل ہو گی۔

## پیچش کا کامیاب علاج

تخم کنوچہ کو بریاں کر کے باریک پیس لیں۔ اس میں نصف ہم وزن چینی ملا لیں۔ ۶ ماشہ روز صبح و شام اس کا استعمال کرنے سے پیچش کا کامیاب علاج ہے۔

چھوٹی چھوٹی ہرڑ سیاہ لیں اور ان پر گھی لگا دیں۔ تب انہوں انہیں یوں بھونیں کہ وہ کچی نہ رہیں۔ اور نہ وہ جلنے پائیں۔ تب انہیں باریک پیس کر رکھ لیں۔ تھوڑے سے دہی یا مکھن کے ہمراہ چار ماشے استعمال کرنے سے پیچش کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## مرض ام الصبیان سے شفایابی کے لئے

وہ بچہ جو مرض ام الصبیان کا مریض ہو اس کے گلے میں عود صلیب لٹکا دیں۔ یقینی شفا حاصل ہو گی۔

## ہچکی بند کیجئے

نک چھنی کو سونگھنے سے، ہچکی بند ہو جائے گی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## کان کے امراض کا علاج

سالم انار لیں اور اسے سرکہ میں ڈال کر پکائیں۔ کان سے خون جاری ہو یا کان میں شدید درد ہو تو اسے کان میں ٹپکائیں۔ یقینی شفا حاصل ہوگی۔

مازو کو باریک کر کے پرانی شراب میں ملالیں اور اسے کان میں ٹپکانے سے کان سے رطوبت نکلنا بند ہو جائے گی۔

مولی کا پانی نکال لیں اور اسے نیم گرم کر کے کان میں ٹپکائیں۔ کان کے کیڑے ہلاک ہو جائیں گے۔

کان میں درد یا رطوبت ہو تو کان میں پودینہ یا پیاز کا عرق نکال کر ڈالیں شفا حاصل ہوگی۔

نصف ماشہ افیون لیں اور اسے دودھ میں حل کر کے نیم گرم کر کے کان میں ٹپکائیں۔ کان میں دانے ہوں تو ختم ہو جائیں گے اور شدید درد کو بھی شفاء حاصل ہوگی۔

السی کا تیل نکال لیں اور اسے عورت کے دودھ میں ملا کر کان میں ڈالیں۔ کان کے دانے اور درد کا خاتمہ ہو جائے گا۔

کوڑی کو جلا کر خوب باریک پیس لیں۔ اسے لیموں کے عرق میں ملا کر چند قطرے کان میں ڈالیں۔ کان میں جس قدر میل موجود ہوگی وہ خود بخود کان سے باہر آجائے گی۔ اور اگر کان میں ریم کے باعث بدبو پیدا ہو چکی ہو گی تو کان کی یہ بدبو بھی ختم ہو جائے گی اور کان کے جملہ امراض کو مکمل شفاء حاصل ہوگی۔



## بچوں کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے

کفِ دریا کو باریک پیس لیں اور اسے شہد میں ملا کر مسوڑھوں پر ملیں۔ بچوں کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

## مکھن ۔ خشک کھانسی کی دوا ہے

تھوڑی سی مصری مکھن میں ملا کر کھانے سے خشک کھانسی کو فوری اور یقینی فائدہ ہوتا ہے۔

## اسہال اور بواسیر خونی

سنگِ جراحت لیں اور اسے باریک پیس لیں۔ اسے دو ماشے عرق بارتنگ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ خونی اسہال اور بواسیر خونی کا شافی علاج ہے

## شلغم ۔ خشک کھانسی کے لئے

شلغم پر کپڑا لپیٹ لیں اور گلِ حکمت کر کے اتنی دیر اسے تنور میں رکھ چھوڑیں کہ وہ پختہ ہو جائے۔ پھر مٹی الگ کر کے اس کا پانی نچوڑ لیں اس میں ذرا سی مصری ملائیں اور کھائیں۔ خشک کھانسی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## آنکھوں کی زردی کے لئے

آنکھوں میں یرقان کے باعث پیدا ہونے والی زردی کے علاج کے لئے چقندر کو چھیل کر اس کا پانی نچوڑ لیں اور پھر یہ پانی ناک میں سڑکیں۔ آنکھوں کی زردی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## میٹھے چاول — آواز سریلی بنائیں گے

گڑ ڈال کر چاول پکائیں۔ رات کو اسے خوب پیٹ بھر کر کھائیں۔ کچھ دیر کھانے کے بعد گرم پانی صرف دو گھونٹ پئیں۔ سرد پانی ہرگز نہ پئیں۔ دو تین روز ایسا کرنے سے اگر آواز بیٹھ گئی ہے تو کھل جائے گی اور سریلی ہو جائیگی۔

## کلونجی — ماں کا دودھ

جس عورت کے بچہ پیدا ہونے کے بعد دودھ نہ اترتا ہو کلونجی کے استعمال سے اس کا دودھ اتر آتا ہے۔

دو ماشہ ہر روز کلونجی کھانے سے دمہ اور سانس چڑھنے میں بے حد مفید اور شافی ہے۔

## مہندی — یرقان کا علاج

مہندی کے خشک پتے لیں اور ایک ایک تولہ نیم کوب کر کے رات کو



ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ صبح اسے چھان کر پی لیں۔ ایک ہفتہ اس کا متواتر استعمال کریں۔ یرقان میں بے حد مفید ہے۔

## ببول — اور حیض کی شکایت

ببول کے درخت کی ایک سیر چھال لے کر نیم کوب کر لیں اور اسے پانی میں بھگو دیں۔ دو روز اسے ایسے ہی رکھیں اور پھر اسے اتنا جوش دیں کہ نصف پانی باقی رہ جائے۔ پھر اسے چھان لیں اور ایک بوتل میں دوا بنا کر رکھ لیں۔ حیض والی عورت ایامِ حیض میں اس پانی سے آبدست لے۔ کثرتِ حیض کی شکایت دور ہو جائے گی اور حیض کی دیگر خرابیوں میں بھی یہ مفید عمل ہے۔

گندھک آملہ سار نصف ماشہ لیں اور اسے ایک پاؤ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ حیض کی زیادتی اس سے ختم ہو جاتی ہے۔ اس کا ایک ہفتہ تک مسلسل استعمال کریں۔

## ارہر کی دال — گنجے پن کا علاج

ارہر کی دال لیں اور اسے پانی میں پیس لیں اور جس مقام پر بالخورہ ہو چکا ہوں۔ وہاں دن میں دو بار لیپ کریں۔ دوسرے روز اس مقام کو جہاں بالخورہ ہے۔ وہاں اُپلے سے کھجلا کر تھوڑا سا گھی لگائیں اور دھوپ میں بیٹھیں ایسا دو تین بار کرنے سے بال اُگ آتے ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## آگ سے جلنے کا علاج

اقاقیا لیں اور اسے باریک پیس لیں پھر مرغی کا انڈہ لے کر اس کی سفیدی کے ہمراہ ملالیں۔ اسے اس مقام پر لگائیں جو آگ سے جل چکا ہے درد بند ہو جائے گا اور آبلے نہیں پڑیں گے۔

## اسپغول۔ اسہال کے لئے

اسپغول کو بریاں کر کے ۲ ماشہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔ اسہال بند ہو جائیں گے۔

## مغز کرنجوہ۔ جس سے حمل ساقط نہیں ہوتا

مغز کرنجوہ لے کر اسے سرخ دھاگے سے باندھ کر حاملہ عورت کے گلے میں لٹکا دیں۔ اس سے حمل ساقط نہیں ہوگا۔ اور شکمِ مادر میں موجود بچہ دوسری آفات سے بھی محفوظ رہتا ہے۔

## درد۔ کا کامیاب علاج

تخم پلاس۔ یعنی ٹیسو کے بیج سرکہ میں پیس کر چند روز درد کے مقام پر لگائیں۔ درد کے لئے بے حد مجرب ہے۔



## قبض کا علاج

قبض کو اطباء نے ام الامراض کہا ہے۔ قبض پیدا ہونے سے معدہ اور انتڑیوں میں خرابی پیدا ہوتی ہے جس سے بے شمار امراض جنم لیتے ہیں۔ اس لئے صحت مند رہنے کے لئے قبض سے چھٹکارا بے حد ضروری ہے۔

پتوں والی سبزیاں۔ کچی سبزیاں۔ انجیر۔ دودھ۔ ساگ اور پھل و میوے مثلاً منقہ۔ انگور۔ ناشپاتی۔ آم۔ کدو۔ پالک اور سیب کے استعمال سے انتڑیوں میں طاقت پیدا ہوتی ہے اور وہ ضرورت کے مطابق حرکت کرتی ہیں اور اس طرح خود بخود کوئی دوا کھائے بغیر قبض دور ہو جاتی ہے۔

رات سونے سے پہلے بغیر بیج کے منقہ کھانے اور ایک یا دو عدد مربہ ہرڑ کھانے سے صبح لازماً کھل کر پاخانہ آجاتا ہے۔

پانی میں منقہ بھگو دیں اور اسے بیج نکال کر کھائیں اور وہ پانی جس میں منقہ بھگویا گیا ہو وہ بھی پی لیں۔ اس سے پاخانہ کھل کر آجائے گا اور انتڑیوں کو تقویت حاصل ہوگی۔

انجیر خشک بھگو کر کھا لینے سے بھی قبض دور ہو جاتی ہے۔

رات سونے سے پہلے ایک تولہ اسپغول کھا لینے سے بھی قبض کا خاتمہ ہو جاتا ہے

## آملہ۔ بیس امراض کا شافی علاج

خشک آملوں کا استعمال کرنے سے۔ اس سے بھوک کم لگنا۔ جی متلانا کھٹے ڈکار آنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بدہضمی اور اسہال کا خاتمہ یقینی ہے۔

اگر آپ کو زیادہ پیاس لگے اور قے آتے ہوں تو آملہ کو چوستے رہیں۔

آملہ کھانے سے آپ درد سر۔ سر چکرانا۔ بھول جانا۔ دماغی کمزوری۔ نظر کی کمزوری۔ بال گرنا۔ وقت سے پہلے بال سفید ہونا۔ دماغ اور سر کی جملہ بیماریاں اور گنجے پن کو آرام آجاتا ہے۔

پانی سے خشک آملوں کو دھولیں اور رات بھر پانی میں پڑا رہنے دیں۔ اور صبح یہ پانی نتھار کر اس سے آنکھیں دھوئیں۔ نظر تیز ہوجائے گی۔ آنکھوں کی لالی اور جلن کا خاتمہ ہوجائے گا۔

آملہ کھانے سے آپ کے ناک کی نکسیر۔ جسم کی گرمی اور بلڈ پریشر کا خاتمہ ہوجائے گا۔

آپ آملہ کا مربہ یا آملوں کا تازہ رس استعمال کریں۔ اس سے دل کی کمزوری۔ دل کی دھڑکن اور گرمی کے باعث دل کے گھبرانے کے آثار ختم ہوجائیں گے۔

تازہ آملے کھانے سے آپ کے پھیپھڑے مضبوط ہوجاتے ہیں اور ایک کمزور شخص بہت جلد صحت مند اور تندرست بن جاتا ہے۔

آملہ کا سفوف دن میں تین یا چار بار پینے سے وہ عورت جس کی بچہ دانی سے خون آتا ہے شفایاب ہوجاتی ہے۔

آملہ کو رات پانی میں بھگودیں اور صبح اس کا پانی نتھار لیں اس نتھرے ہوئے پانی سے سر دھونے سے دماغی گرمی۔ دماغی کمزوری۔ سر چکرانا ختم ہو



جائے گا۔

اس نتھرے پانی سے سر دھونے سے آپ کے بال ملائم اور لمبے ہو جائیں گے۔

آملہ خشک کا سفوف بنالیں اور اسے کپڑے سے چھان لیں۔ یہ سب سے بہترین منجن ہے۔ اسے استعمال کرنے سے۔ دانتوں کے درد۔ دانتوں سے خون آنا بند ہوجاتا ہے۔ دانتوں کی میل اور دانت ہلنے میں بھی یہ منجن بے حد فائدہ بخش ہے۔

تازہ آملے لیں۔ انہیں کوٹ کر کپڑے سے ان کا رس نکال لیں۔ اسے کالے سرمے میں ڈال کر گھی اور شہد ملانے کے بعد کئی روز تک کھرل کریں۔ جہاں تک کہ سبھی رس خشک ہوجاتے۔ یہ کاجل تیار ہوجائے گا۔ اس کاجل کو آنکھوں میں لگاتے رہنے سے آنکھوں کے سبھی امراض ختم ہوجاتے ہیں۔

آملہ کو خشک کر کے کوٹ کر کپڑے میں چھان لیں اور میدہ کی مانند خشک سفوف تیار کرلیں۔ اگر کسی مقام پر چوٹ لگ جائے اور خون بند نہ ہو رہا ہو تو اسے وہاں چھڑک کر پٹی باندھ دیں۔ خون بند ہوجائے گا۔ گندے پھوڑوں اور زخموں پر یہ سفوف چھڑک کر پٹی باندھ دیں۔ پھوڑے صاف ہوجائیں گے اور جلد درست ہوجائیں گے۔

مصری ملا کر آملہ کا رس پیتے رہنے سے رحم کی جلن ختم ہوجایا کرتی ہے۔

آملہ کا مندرجہ بالا طریقہ سے تیار کردہ سفوف برابر مصری ملا کر نصف تولہ کھاتے رہنے سے پیشاب کی جلن۔ مثانہ کی گرمی۔ پیشاب رک رک کر آنا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سوزاک۔ نکسیر آنا۔ اور پیشاب کم آنے کو فائدہ ہوتا ہے۔

کالے سرمے میں آملہ کا رس ڈالیں اور تین روز تک کھرل کریں۔ پھر عرق سونف ملا کر تین روز کھرل کریں۔ اور جب خشک سرمہ ہو جائے تو کپڑے سے چھان کر اسے شیشی میں بند کر لیں۔ آنکھوں کے سبھی امراض کے لئے مفید ہے۔

کچھ لوگوں نے کلونجی اور آملہ کو آبِ حیات قرار دیا ہے۔ کیونکہ یہ سبھی امراض میں فائدہ مند ہیں۔

## جامن ذیابیطس کا علاج ہے

جب جامن کا موسم ہو تو ذیابیطس (پیشاب میں شکر آنے) والے مریض روٹی کھانا کم کر دیں اور زیادہ سے زیادہ جامن کا استعمال کریں۔ اس طرح ان کے پیشاب میں شکر آنا بند ہو جائے گی۔ اگر جامن کا موسم نہ ہو اور جامن بازار میں دستیاب نہ ہو تو اس کی گٹھلی کھانے سے بے حد فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

## امراضِ بادی و ریح

وہ لوگ جنہیں ریح و بادی کے امراض ہیں۔ ان کے لئے بہتر ہے۔ کہ وہ سہانجنے کا اچار زیادہ استعمال کریں۔ یہ اچار کھانے کے ہمراہ کھایا جاسکتا ہے۔ بادی و ریح کا سہانجنے کا اچار دشمن ہے۔



## تلی بڑھنے کا علاج

وہ لوگ جن کی تلی بڑھ گئی ہے وہ گلگل کا اچار کھانے کے ہمراہ استعمال کریں۔ تلی کو شفا ہوگی۔

## کثرتِ پیشاب کے لئے

کچھ لوگوں کو پیشاب زیادہ آتا ہے اور وہ اس سے نالاں ہوتے ہیں اور بعض اوقات رات سوتے میں ان کا پیشاب بستر میں نکل جاتا ہے۔ ان لوگوں کے لئے بہتر ہے کہ وہ تلوں میں شکر یا گڑ ملا کر نصف چھٹانک تک ہر روز کھائیں۔ اس مرض سے چھٹکارا مل جائے گا۔

## گردہ و مثانہ کی پتھری کے لئے اکسیر

وہ لوگ جو گردہ و مثانہ میں پتھری سے بے حد بیزار زندگی بسر کرتے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ باتھو و سوئے کا ساگ اور مولیوں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

## اسہال کے لئے — انار

اسہال کے مریضوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اناروں کا شربت بکثرت استعمال کریں۔ اس سے انہیں اسہال کی شکایت نہ ہوگی اور ان کا نظام معدہ درست

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کام کرنے لگے گا۔

## جگر بڑھ جانے پر

جن لوگوں کا جگر بڑھ گیا ہے وہ آک کے پتوں کا اچار یا لیموں کا اچار کھانے وغیرہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ ان کا جگر ان کی توقع سے پہلے درست ہو جائے گا۔

## سردی و بلغمی کھانسی کا علاج

ادرک لیں اور اس کا رس نکال کر شہد میں ملا لیں۔ یہ چاٹتے رہنے سے سردی اور بلغمی کھانسی کو آرام آ جاتا ہے۔ اور چھاتی کا درد بھی اس سے دور ہو جاتا ہے۔

## بواسیر بادی کے لئے

پتوں سمیت مولیاں اور زمین قند کی سبزی کا استعمال کثرت سے کریں۔ اس سے بواسیر کے مسّے خود بخود ختم ہو جاتے ہیں اور اس مرض سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔

## لکنت کا کامیاب علاج

رک رک کر بولنے والے اصحاب دس بادام سوتے وقت بھگو دیں۔ صبح اس کا



چھلکا اتار دیں اور مکھن میں یہ بادام گھوٹ کر کھا لیں۔ دو تین ماہ یہ خوراک مسلسل استعمال کریں۔ تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ نہ صرف اس سے لکنت کا مرض ختم ہو جاتا ہے بلکہ دماغ بھی درست کام کرنے لگتا ہے۔

## یرقان کا کامیاب ترین علاج

چونا قلعی آب رسیدہ ضرورت کے مطابق لے کر باریک پیس لیں اور شیشی میں بند کر لیں اور اسے کیلے پر لگا کر استعمال میں لائیں۔ اکسیر اور کامیاب ترین یرقان کی دوا تیار ہے۔

## سنگرہنی کا علاج

ایک عدد لیموں کو چیر کر مونگ کے دانے کے برابر افیون اس میں ڈال دیں اور پھر اسے ڈوری سے باندھ دیں اور آگ پر پکائیں۔ پک جانے پر تین دن اس کا رس چوسیں۔ سنگرہنی تین دن میں ختم ہو جائے گی۔ آزمودہ طریقہ اور نسخہ ہے۔

## جالا اور پھولا۔ ختم کیجئے

کفِ دریا کو باریک سرمہ کی مانند پیس کر آنکھ میں لگانے سے آنکھ کا جالا اور پھولا ختم ہو جاتا ہے۔

مکان کے چھپر کا پرانا بانس لے کر سرمہ کی مانند باریک کر کے آنکھ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میں لگائیں۔ آنکھ کا جالا ختم ہو جائے گا۔

کھرنی کے بیج کو سرمہ کی طرح پیس کر باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں اور پھر اسے آنکھوں میں لگائیں۔ اس کے استعمال سے آنکھ کی خارش سفیدی اور جالا ختم ہو جائے گا۔

کتائی کی جڑ کو پانی میں پیس لیں اور اس دوا کو آنکھ میں لگائیں۔ آنکھ کا جالا کٹ جائے گا۔

پوست کو نیم کوب کر لیں اور ۷ ماشہ تھوڑے سے پانی میں بھگو دیں۔ دو تین گھنٹے بھگونے کے بعد پوست آملہ کو مل کر پانی سے الگ کر لیں۔ دوبارہ اسی مقدار میں پوست آملہ نیم کوب کر لیں اور اسی پانی میں ڈال دیں۔ اسی طرح تین بار پوست آملہ کو کر کے پانی چھان لیں۔ تب اسے شیشی میں محفوظ کر لیں۔ دوا تیار ہے۔ آنکھوں کے جالے اور پھولے کا کامیاب ترین علاج ہے۔

سنبل الطیب (بال چھڑ) کو سرمہ کی مانند باریک پیس کر آنکھ میں لگانے سے آنکھوں کا پانی بہنا بند ہو جاتا ہے۔

## ماں کا دودھ بڑھ جائے گا

کابلی چنے رات کو حسبِ ضرورت دودھ میں تر کر لیں اور صبح اس میں شکر ملا کر اسے کھائیں اور دودھ پی لیں یہ طریقہ چند روز دہرانے سے ماں کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔



## دال ماش — قوتِ باہ کا خزانہ

حسبِ ضرورت دال ماش لیں اور انہیں رات کو بھگو دیں۔ صبح اس میں دودھ شامل کر کے اس کی کھیر پکا لیں۔ چالیس روز متواتر استعمال کریں۔ اور اس دوران جماع ہرگز نہ کریں بے پناہ قوتِ باہ پیدا ہو گی۔ مرد اور عورت دونوں اسے استعمال کر سکتے ہیں۔

## بے پناہ قوتِ باہ

جو، گیہوں، آڑد اور شالی کے چاول ہم وزن لے کر اسے میدہ سا بنا لیں۔ پھر اسے پوریوں کی مانند تل کر کھائیں اور کھانے سے پہلے دودھ شیریں پی لیں۔ اس قدر قوتِ باہ جسم میں پیدا ہو گی کہ بارہ بار کریں شب میں بھی اسے استعمال کریں تو کوئی سیری نہ ہوگی۔

## اناج کو کیڑوں سے بچائیں

اعلیٰ قسم کا زیرہ اور نمک ہم وزن لیں اور پانی میں باریک پیس لیں پھر اس کی گولیاں بنا لیں۔ یہ گولیاں آٹے یا میدے کی بوریوں میں یا کھلے ہوئے ڈھیر میں رکھ دیں۔ ان گولیوں سے نہ تو کیڑا آٹے اور میدے کے نزدیک آئے گا اور نہ آٹا اور میدہ خراب ہوگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


## آنکھوں سے پانی جاری ہونا

پوست ہلیلہ زرد سوختہ ۴ تولہ اور زعفران ۲ ماشہ لیں۔ ان دونوں کو اس قدر گلاب میں حل کریں کہ سرمہ کی مانند ہو جائے اس کی ایک سلائی دونوں آنکھوں میں ہر روز لگائیں۔ آنکھوں میں اگر پانی جاری ہوتا ہے تو وہ مستقل ختم ہو جائے گا۔

## آنکھوں کی جلن — کا علاج

مہندی کی دو تولہ پتیاں پانی میں رات کو بھگو دیں صبح اسے چھان لیں اور اس پانی سے اپنی آنکھوں کو دھوئیں۔ آنکھوں کی جلن کا شافی علاج ہے۔

---

کاشغری سفید اور سیاہ سرمہ لیں اور اسے ملا کر کھرل میں ایک ہفتہ کھرل کریں اور شیشی میں ڈال کر اسے محفوظ کر لیں آنکھوں میں لگانے سے آنکھوں کی جلن، ضعفِ بصارت اور دیگر امراضِ چشم کے لئے بے حد اکسیر ہے۔

---

تازہ دھنیا لیں اور اس کے پتے کوٹ کر انہیں آنکھوں کے گرد لیپ کریں۔ اگر بر وقت تازہ دھنیا دستیاب نہ ہو تو خشک دھنیا یا دھنیا کے بیج لیں اور اسے پانی میں پیس کر لگائیں آنکھوں کی جلن دور ہو جائے گی۔



## شب کوری (رتوندھی) کے لئے

کبوتر کا سر۔ سر سے۔ چمڑے اور پر کے ہمراہ جلا لیں اور سرمہ کی مانند باریک پیس لیں۔ پھر اسے آنکھوں میں لگائیں۔ رتوندی (شب کوری) آنکھ کے جالے اور دھند کے لئے یہ بے مثال علاج ہے۔

---

حقہ کے نیچے کے میل کو آنکھوں میں لگائیں۔ اس سے رتوندی کی شکایت دور ہو جائے گی اور بصارت بڑھے گی۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

---

مرچ سیاہ۔ مرچ سفید اور فلفل دراز (لمگو پیپل) یہ تینوں اشیاء ہم وزن لیں۔ انہیں باریک پیس کر سرمہ کی مانند آنکھوں میں لگائیں آنکھوں کی جلن کا خاتمہ ہو جائے گا۔

---

بکری کی کلیجی لیں۔ اسے کسی چیز میں گود کر اس پر پیپل چھڑک دیں۔ اور کوئلوں پر رکھیں۔ اس آگ کی گرمی سے اس میں سے جو رطوبت نکلے اسے آنکھوں میں لگائیں۔ جلن کا خاتمہ ہو جائے گا۔ کلیجی کو پکا کر کھانے سے بھی افاقہ ہوتا ہے۔

---

کبوتر کا بچہ لیں اور اس کا پتہ اکھاڑ دیں۔ اس میں سے جو گرم خون

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بعد اسے آنکھوں میں لگائیں۔ آنکھوں کی جلن ختم ہو جائے گی۔

---

سفید پیاز کو کچل لیں اور اس کا رس پنچوڑ کر دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔ شب کوری (رتوندھی) اور جلن کے لئے چند روز کا استعمال کافی ہے۔

---

غذا میں زیادہ پیاز کے استعمال سے آنکھوں کے سبھی امراض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

---

تخم سرس باریک پیس کر اس میں گیہوں کا ہم وزن آٹا ملا لیں۔ اسے تین روز متواتر کھانے سے شب کوری اور آنکھوں کی جلن ختم ہو جائے گی۔

## آنکھوں کی خارش

انسانی سر کے بال لیں اور اسے جلا کر باریک سرمہ کی مانند پیس کر آنکھوں میں لگائیں۔ خارشِ چشم کے لئے بے حد مفید ہے۔

---

گرم پانی سے ہر روز آنکھیں دھوئیں اور جست کو بانس پر رگڑیں اور اس کی سیاہی کو آنکھوں میں لگائیں۔ آنکھوں کی خارش کا مفید علاج۔

ایک مکھی پکڑیں اور اسے چند کالی مرچوں کے ہمراہ عورت کے دودھ میں حل کر کے شام کو آنکھوں میں لگائیں۔ شب کوری کا خاتمہ ہو جائے گا۔

---

سفید کاغذ جلا کر اسے سرمہ کی مانند باریک پیس لیں اور سرمہ کی مانند آنکھوں میں لگائیں۔ چند دن میں روز کوری (دن روند) ختم ہو جائے گی۔

---

نیم کے پتے مٹی کے پیالے میں رکھ لیں اور چاروں جانب اس پیالے سے گیلی مٹی لپیٹ دیں۔ مٹی سوکھنے پر اسے آگ میں ڈال دیں۔ پیالے میں رکھی پتیاں جل جائیں گی۔ اسے نکال لیں اور لیموں کے پانی میں خوب حل کریں۔ سرمہ کی مانند باریک کر کے شیشی میں ڈال لیں۔ سرمہ کی مانند اسے آنکھوں میں استعمال کریں۔ اس سے آنکھوں کی سرخی خارش۔ پانی بہنا اور آنکھوں کی دیگر بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

## موتیا بند کا علاج

مغز کھونگچی سفید آبِ لیموں میں حل کریں (لیموں کاغذی ہو) اور اسے کھرل کر کے سرمہ کی مانند بنا لیں۔ اسے آنکھوں میں لگانے سے موتیا بند کا خاتمہ ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شلغم کا غذا میں زیادہ استعمال آنکھوں کی روشنی کا بیمہ ہے۔

---

وسمہ کے بیج باریک کر کے پیس لیں اور قدرے شہد ملا کر رات کو آنکھوں میں لگائیں۔ موتیابند کے لئے بے حد مفید نسخہ ہے۔



# عجیب و غریب دوائیں

ہم درج ذیل میں وہ عجیب و غریب بوٹیاں اور ادویات بیان کر رہے ہیں جو جنگل، پہاڑوں یا کھیتوں سے آپ کو مفت دستیاب ہوں گی اور ان میں سے اکثر کا استعمال کر کے آپ جادوگر یا شعبدہ باز کہلا سکیں گے اور جو صحت کے سربستہ رازوں کا خزانہ ہیں۔

---

## اسے کھانے سے سخت سردی میں گرمی کا احساس ہوتا ہے

یہ بوٹی جس کا نام مندورا ہے کشمیر میں پیدا ہوتی ہے اور یہ سردی اور موسم سرما کی شدت کا مقابلہ کرنے میں اپنا جواب نہیں رکھتی۔ برفانی علاقوں میں رہنے والے برف میں پیدا ہونے اور زیادہ سرد علاقوں میں اگنے والی اس بوٹی کو نعمتِ خداوندی کا نام دیتے ہیں اس بوٹی کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ سردی کا احساس ختم کر دیتی ہے اور انسانی جسم میں سخت ترین سردی اور برف باری کے بعد چلنے والی یخ بستہ ہواؤں کا بھی اثر نہیں ہوتا اور خدا کی اس نعمت نے شاید ایسی چیزیں اسی لئے پیدا کی ہیں کہ برفانی علاقے غیر آباد نہ رہیں۔ اور وہ لوگ خدا سے شکوہ ہی نہ کرتے رہیں۔

اس بوٹی کو پانی میں رات کو بھگو کر رکھا جاتا ہے اور پھر صبح اسے جوشاندہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بناکر پیا جاتا ہے۔ یوں بھی اسے چبانے اور اس کا رس چوسنے سے وہی اثر ملتا ہے جو شاندہ بناکر پینے سے ملتا ہے۔

## اسے کھانے سے سخت گرمی میں سردی کا احساس ہوتا ہے

یہ بھی ایک بوٹی ہے اور بے حد مشہور ہے۔ سرد علاقوں میں رہنے والے لوگ جب گرما کی شدت سے بے تاب ہو جاتے ہیں تو خود کو سرد رکھنے کے لئے اس بوٹی کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ بوٹی بھی پہاڑی علاقوں میں پیدا ہوتی ہے یہ پاکستان میں مری کے علاقے میں عام ہوتی ہے اور لوگ جو وہاں کے باشندے ہیں اسے گرمیوں میں استعمال کرتے ہیں اس کا نام "سنکھ مکھی" ہے۔ یہ کوہ سکہ۔ گلگت اور چترال میں بھی ہوتی ہے۔ کاغان کی بعض پہاڑیاں تو اس سے بھری ہوتی ہیں۔ جو ان دنوں ان پہاڑیوں پر پیدا ہوتی ہے جب موسم بدلتا ہے اور سورج وہاں چمکتا ہے چاہے کچھ دیر ہی چمکے۔

## اس سے سیروں دودھ ہضم ہو جاتا ہے

کشمیر کے پہاڑوں میں ایک بوٹی ملتی ہے جس کا نام پہاڑی لوگوں نے "گپ گٹ" رکھا ہے۔ اس کا کوئی اور طبی نام نہیں ہے۔ اس بوٹی کو مندرجہ ذیل طریقے سے استعمال کرنے سے آپ سیروں دودھ آسانی سے ہضم کر سکیں گے اور پھر یہ دودھ جزو بدن بن جائے گا۔ اس کا کوئی غلط یا مضر اثر صحتِ انسانی



پر نہیں ہوتا۔

اس بوٹی کی جڑیں لیں اور اسے سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر اس کا سفوف تیار کریں۔ آپ پاؤ بھر قیمہ لیں اور اس میں ایک تولہ یہ سفوف ملا کر اسے پکائیں یہ قیمہ آپ صبح سویرے کھائیں۔ اس قیمہ کو کھانے کے بعد جب آپ کو پیاس لگے تو آدھ سیر دودھ پی لیں اور اسی طرح ہر دفعہ جب پیاس لگے تو آدھ سیر دودھ پیتے رہیں۔ ایک سیر دودھ پی سکنے والے لوگ پانچ سیر دودھ پی لیں گے۔ اور یہ دودھ انہیں ہضم ہو جائے گا۔

یہ دوا خصوصی طور پر قوتِ باہ پر اپنا اثر کرتی ہے۔ جو ضعفِ باہ ضعفِ معدہ کے باعث ہوتی ہے یہ مرض اس کے استعمال سے جلد از جلد ختم ہو جاتی ہے۔

## اس سے پل بھر میں زہریلے سے زہریلے سانپ کا زہر اتر جاتا ہے

اس بوٹی کی شکل و صورت سانپ سے ملتی جلتی ہے اور اس کا نام ناگدون ہے۔ اس بوٹی کی سانپ سے اس قدر مشابہت ہوتی ہے کہ اس بوٹی پر بھی سانپ کے جسم کی طرح چتکبرے سے نشان موجود ہوتے ہیں۔ یا دھاری والے نشان ملتے ہیں اس کی ڈنڈی بھی بالکل سانپ کے جسم کی مانند ہوتی ہے۔ کوئی انجان شخص اسے سرِ راہ پڑی دیکھ کر سانپ کا گمان کر سکتا ہے۔ اس کا پودا بہت خوبصورت ہوتا ہے۔ جس پر خوشنما سرخ پھول لگتے ہیں۔ یہ ایک گز تک بلند سرسبز پہاڑوں اور جنگلوں میں ملا کرتی ہے۔ یہ بوٹی سانپ کے کاٹے کا بہترین تریاق ہے یہ مری، گلگت اور کاغان کی پہاڑیوں پر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جہاں سانپوں کی بہتات ہوتی ہے۔ انسان کے لئے قدرت کی پیدا کردہ ایک مفت دوا ہے۔

چھ ماشہ بوٹی تازہ پانی کے ساتھ گھوٹ لیں اور اسے مریض کو پلا دیں آپ پھر قدرت کا تماشہ دیکھیں گے کہ پل بھر میں سانپ کا زہر اُتر جائے گا۔

## اسے ہاتھ میں پکڑیں۔ کوئی زہریلا جانور ڈنگ نہ مار سکے گا

یہ "پٹھکنڈہ" کی جڑ ہوتی ہے اسے "چرچٹہ" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ بے حد مشہور بوٹی ہے اور تقریباً ہر پنساری کی دوکان سے دستیاب ہو سکتی ہے۔ اس کا حلیہ بیان کرنا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ کسی بھی حکیم یا علمِ طب جاننے والے سے اس بوٹی کے بارے میں دریافت کیجئے وہ اسے ضرور جانتا ہوگا۔ اس کو ہاتھ میں پکڑ لیں۔ زہریلے سے زہریلا سانپ اور بچھو آپ کو ڈنگ نہ مار سکے گا۔ اور اس کی تقریباً ہر دور میں ہر ذی ہوش حکیم نے تصدیق کی ہے۔ مگر صوفی رام روپ دامن مشہور طبیب نے اس کے بارے میں تحریر کیا ہے کہ۔

"چرچٹہ" کی جڑ بچھو کو پکڑنے کے لئے بے حد مفید چیز ہے۔ مگر اسے تین چار بار مولی کے پانی میں ضرور بھگو لیں یہ زیادہ مناسب ہے۔ اکثر مداری اور صاحبِ فن لوگ اپنا اثر جماتے اور اپنی اہلیت کا اظہار کرنے کے لئے اس بوٹی کی مدد سے بچھو وغیرہ یا سانپ کو پکڑ لیتے ہیں اور وہ بچھو ان کے پاس ایک بے ضرر کیڑے کی مانند ہو جاتا ہے۔



## اس کے جس قدر پھول کھاؤ گے اتنے سال آنکھ نہ دکھے گی

یہ حقیقت ہے کہ اس کے پھول جس قدر تعداد میں آپ کھائیں گے آپ کی آنکھ کو مرض اتنے سال تک نہ ہوگا۔ آپ اس کے ایک سو پھول کھا لیجئے اور عمر بھر آنکھ کی بیماری سے بے خطر ہو جائیے۔ اس بوٹی کا نام "منڈی بوٹی" ہے جسے گورکھ منڈی بھی کہا جاتا ہے۔

یہ موسم برسات میں پیدا ہوتی ہے۔ آپ صبح نہار منہ اس کے پھول (ڈوڈی) توڑیں اور تازہ تازہ نگل لیں۔ چبانے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ معدہ میں جا کر خود اپنا اثر دکھائے گی اور آپ جس قدر یہ ڈوڈیاں کھائیں گے اتنے سال آشوب چشم کا شکار نہ ہوں گے۔

## اسے کھانے سے لڑکا پیدا ہوگا لڑکی نہیں

یوں تو ایسی اور بھی بوٹیاں موجود ہیں جن کے استعمال سے لڑکی نہیں لڑکا پیدا ہوگا۔ مگر یہاں ہم جن دو بوٹیوں کا ذکر کر رہے ہیں وہ آسانی سے دستیاب ہو جاتی ہیں۔ یہ بوٹیاں ہیں۔ شیولنگی اور بھنگ۔ مگر ان کے بیج کام دیتے ہیں پتے نہیں۔ بھنگ کی کسی دوکان یا پنساری سے بھنگ کے بیج مل سکتے ہیں۔ اور پنساریوں یا ایلوپیتھی طبیبوں سے شیولنگی کے بیج دستیاب ہو سکتے ہیں۔ جب عورت کو حمل ہوئے دو ماہ ہو جائیں تو حاملہ کو ہدایت کریں کہ وہ بھنگ کے سالم بیج ہر روز ایک تولہ سالم کھا لیا کرے۔ بیج کو کوٹنے پیسنے کی ضرورت

نہیں ہے اور اسے پانی کے ہمراہ کھانا مناسب ہے۔

شیوِلنگی کے بیج چار عدد تازہ پانی سے سالم شام کے کھانے سے پہلے پھانک لینا ضروری ہے۔

ایک ماہ یہ طریقہ جاری رکھیں۔ شرطیہ لڑکی کی بجائے لڑکا پیدا ہوگا

## اسے کھانے کے بعد ایک تولہ سنکھیا کا زہر بھی اثر نہیں کرتا

آپ ایک تولہ سنکھیا کھالیں تو ارنڈ کے استعمال کرنے پر اس کا کچھ بھی طبیعت پر اثر نہیں ہوگا۔ آپ نے اگر تولہ بھر سنکھیا کھالیا ہے تو ارنڈ کے پتوں کو پیس کر چھان لیں اور پھر اسے پی لیں۔ آپ کو قے ہوگی اور سارا زہر جسم سے نکل جائے گا۔ بعض اوقات اسہال ہو جاتے ہیں۔ یہ بھی خطرہ کی بات نہیں ہے بلکہ شفایابی کی طرف رجحان ہے۔ زیادہ زہر آپ کھالیں تو وہ از خود بھی معدہ سے اخراج کا راستہ تلاش کرتا ہے اور جو بقیہ معدہ میں زہر ٹھہرتا ہے۔ اسے یہ بوٹی خارج کر دیتی ہے۔ ایسی مزید بوٹیاں بھی موجود ہیں۔ مگر یہ بوٹی ارنڈ ایسی بوٹی ہے کہ اس کی موجودگی میں دیگر بوٹیوں کا بیان فضول ہے۔

## اسے نبض پہ باندھ دینے سے باری کا بخار رک جاتا ہے

ایسی اور بھی بہت سی جڑی بوٹیاں ہیں کہ باری کا بخار چڑھنے سے قبل اگر انہیں نبض پہ باندھ دیا جائے تو باری کا بخار نہیں چڑھتا۔ مگر ہم اس جگہ خصوصی بوٹی کا ذکر کریں گے گو یہ ان ہی بوٹیوں میں سے ایک ہے۔ مگر یہ



بے حد زود اثر اور کامیاب ترین ہے اور باری کے بخار کا علاج اسی سے کرنا چاہیئے۔

"بہل" بے حد مشہور اور عام سی بوٹی ہے جو آسانی سے دستیاب ہو جاتی ہے یہ بوٹی تازہ لیں اور اسے کوٹ کر اس کی ٹکیاں بنالیں۔ آبلہ کو سوئی سے چھید دیں اور وہاں مکھن لگا دیں۔ یہ آبلہ وغیرہ ایک آدھ دن میں درست ہو جائے گا اور کوئی نقصان نہ دے گا۔ یہ طریقہ آزمودہ اور شرطیہ آرام کے لئے درج کیا جا رہا ہے۔

## اس کی ایک خوراک شدید ترین طاعون کو ختم کر دیتی ہے

حیرانی والی بات ضرور ہے کہ اتنا سنگین مرض ایک ہی خوراک سے ختم ہو جائے گا۔ مگر آپ یقین سے اسے استعمال کریں۔ آپ کو خوشی ہوگی۔ کہ طاعون ایک ہی خوراک میں ختم ہو جائے گا۔

یہ لاجونتی ہے۔ جو کھیتوں اور باغات میں عام مل جاتی ہے۔ پنساریوں سے آپ لاجونتی کے بیج لینے جائیں تو بہت سستے داموں ڈھیر سارے بیج مل جائیں گے آپ ان بیجوں کو گھر میں گملے وغیرہ میں بیج دبیں تو آسانی سے کاشت کئے جاسکتے ہیں۔

"لاجونتی" کے تازہ پتے لیں اور انہیں کوٹ کر ان کا رس نکال لیں اور ایک ہی بار ۴ تولہ رس مریض کو پلا دیں۔ آپ خود دیکھ لیں گے کہ طاعون بلوں غائب ہو جائے گا جیسے تھا ہی نہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## چار گھنٹہ میں پلیگ اور بخار کا خاتمہ ہو جائے گا۔

اس بوٹی کا نام جس سے پلیگ کی گلٹیاں اور بخار چار گھنٹہ میں خاتم ہو جاتا ہے "جل دھنیا"، اس کا نام "لٹو کری"، اور ڈبوئی بھی ہے، یہ بوٹی اکثر دریاؤں کے کناروں پر اُگا کرتی ہے۔ اسی باعث اسے جل دھنیا بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دریائے جہلم کے کنارے بہت بڑی تعداد میں ملتی ہے کہ اس سے آپ بوریاں بھر سکتے ہیں اور اسے جلا کر بھی استعمال کرنا چاہیں تو یہ ختم نہ ہو۔ اس لئے اسے جل دھنیا کہا جاتا ہے کہ اس کے پتے دھنیئے سے ملتے جلتے ہیں۔ دو تین بالشت اونچا اس کا پودا ہوتا ہے اور اس کا پھل فلفل دراز جیسا لگتا ہے اس کے پتے چبائے جائیں تو وہ یوں زبان کو کاٹتے ہیں جیسے مرچیں ہوں۔ مگر اس کا پھل کسی نرم جگہ پر لگا دیں تو وہاں خراش پیدا ہو جاتی ہے اور اگر اسے جسم کے کسی حصہ پر باندھ دیں تو وہاں جلن پیدا ہوتی ہے اور آبلہ پڑ جاتا ہے۔ اس بوٹی کو وہ طبیب جو اس کے خواص سے آگاہ ہیں بے شمار طریقوں سے استعمال کر کے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ مگر طاعون کے لئے یہ بوٹی قدرت کا ایک بے نظیر عطیہ ہے اس بوٹی کو تازہ لیں اور اس کی ٹکیہ بنا لیں اور نبض پر یہ ٹکیہ باندھ دیں۔ وہاں آبلہ پڑ جاتا ہے اسے بھی سوئی سے چھید کر پانی نکال دیں اور وہاں مکھن لگا دیں۔ بہت جلد درست ہو جائے گا۔ مگر پلیگ کی گلٹی ختم ہو کر بخار اُتر جائے گا۔ اس کی گلٹی دب جانے سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ بلکہ لمحہ لمحہ فائدہ ہوتا ہے۔



## اس کے دو تین پتے ایک بار پشت پر مل دیں بچہ موٹا تازہ صحت مند ہو جائیگا

بے حد عجیب اور حیرت انگیز طریقہ ہے آپ ایک بنگلہ پان لیں اور اسے کتھ چونا لگا کر پان کھانے والا بنا لیں اور پھر اس میں آپ دو تین پتے کنگھی بوٹی کے لے کر اس پان میں رکھ کر اسے پان کی مانند کھائیں اور اس کی پیک لے کر بچے کی پشت پر مل دیں۔ اسے ریڑھ کی ہڈی کے مقام پر منہ سے یوں گرائیں جیسے آپ نے پیک تھوکی ہو اور پھر اس پیک کو ہاتھ سے وہاں اچھی طرح ملیں۔ مگر آہستہ آہستہ۔ کچھ دیر بعد پیٹھ پر سفید سفید کیڑے نمودار ہوں گے۔ ان کیڑوں کو وہاں سے احتیاط سے چن دیں، پھر دوبارہ پیک گرائیں اور جب کیڑے نمودار ہوں گے آپ انہیں پھر چن دیں اور دو تین دن ایسا مسلسل کرتے رہیں۔ بچہ اس عمل سے موٹا تازہ ہو جائے گا اور آپ حیران رہ جائیں گے کہ اتنا حیران کن اور اتنا عجیب علاج آپ سے پہلے کیوں نہ اپنایا۔ آپ اسے زیادہ سے زیادہ ضرورت مند کو بتلائیے۔ مگر خدارا اسے شعبدہ بازی کے طور پر استعمال نہ کیجئے۔

## اسے پانی کے برتن میں ڈالنے سے پانی مانند دہی جم جائے گا

آپ نے مجمع فروشوں کو یہ شعبدہ دکھاتے ضرور دیکھا ہے کہ وہ ایک بوٹی لیتے ہیں اور اسے کوٹ کر پانی میں ڈال دیتے ہیں۔ کچھ دیر بعد اسے نتھار دیا جاتا ہے اور پھر اس پانی کو ایک اور برتن میں ڈال کر ڈھانپ دیا جاتا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہے اور جب کچھ دیر بعد اس برتن سے وہ کپڑا بناتے ہیں تو پانی جما ہوا ہوتا ہے اور پھر وہ شعبدہ باز اس قدرت کے کرشمے سے ناجائز فائدہ حاصل کرتے ہیں اور چلا چلا کر کہتے ہیں کہ اس بوٹی کو کھالو تو اس سے منی گاڑھی ہو جاتی ہے اور آدمی زیادہ شہوت محسوس کرتا ہے۔ جب کہ یہ سراسر بکواس اور دھوکہ ہوتا ہے۔ یہ بوٹی کیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

"جل جمنی" اس بوٹی کا نام ہے۔ جو پنساریوں سے عام ملتی ہے یہ بیضوی شکل کے پتے ایک بیل کے پتے ہوتے ہیں یہ شاداب مقامات اور پہاڑیوں پر عام ملتے ہیں۔ یہ تازہ ہو تو زیادہ موثر ہوا کرتی ہے اگر آپ اس بوٹی کا عرق نچوڑ لیں اور پانی میں ڈال دیں تو وہ فوراً جم جاتا ہے۔

پانی میں اس بوٹی کا اس قدر رس ڈالیں کہ پانی کا رنگ گہرا سبز ہو جائے اس بوٹی سے پانی گاڑھا ہو جاتا ہے اور اس کی گانٹھ بندھ جاتی ہے۔ مگر درجہ حرارت میں فرق نہیں پڑتا اور پانی مانند برف سرد نہیں ہوتا جاتا۔ جن لوگوں کی منی میں حرارت ہو انہیں احتلام و جریان کی شکایت ہو ان کے لئے یہ بوٹی واقعی مفید بوٹی ہوتی ہے۔

یہ بوٹی چھ ماشہ لیں اور پانچ سات کالی مرچیں ہمراہ گھوٹ لیں اور اسے صبح کے وقت مریض کو پلا دیں۔ ترش اور قابض اشیاء۔ اس کے بعد ہرگز نہ کھائیں۔ اگر اس کو خوش ذائقہ بنانے کے لئے اس میں پانی ملانا چاہیں تو ملا لیں۔ کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ دونوں طرح یکساں زود اثر ہے۔ آزمودہ ہے۔



## اسے ناک کے قریب لے جائیں ان گنت چھینکیں آئیں گی

"کینرت" اس بوٹی کا نام ہے یہ دو اقسام میں دستیاب ہے۔ کینر سرخ گل اور کینر سفید گل۔

یہ بوٹی باغات میں اور ریلوے اسٹیشنوں کی لائنوں کے ارد گرد عام ملا کرتی ہے اس میں چھینکیں لانے کی زبردست تاثیر موجود ہے اس بوٹی کے پتوں کا رس نکال لیں اور اس کے دو قطرے ہاتھ پر مل کر سونگھیں۔ کینیر وہ بوٹی ہے جو نزلہ و زکام کا زود اثر علاج ہے اور یہ نزلہ و زکام کو مستقل طور پر دور کر دیتی ہے۔

یہ ایک درخت پر لگتی ہے اور یہ درخت کئی گز اونچا ہوا کرتا ہے۔ اور اس درخت کے سبھی اجزا میں طبی تاثیر موجود ہوتی ہے آپ اسے بلا جھجک نزلہ و زکام کے لئے بطور دوا استعمال کر سکتے ہیں۔

## بچھو پر اسے پھینک دیں تو مر جائے گا اور اس کا زہر ختم ہو جائیگا

آپ اس چیز سے بخوبی آگاہ ہیں اور اسے آپ استعمال بھی کرتے ہیں۔

"یہ مولی ہے" اسے آپ پکا کر بھی کھاتے ہیں۔ کچی بھی اور سلاد کے طور پر بھی۔

آپ مولی کو ایک عام سی سبزی خیال کرتے ہیں مگر یہ بے پناہ خوبیوں کی مالک سبزی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس مولی میں یہ خوبی موجود ہے کہ آپ کو بچھو دکھائی دے تو آپ مولی کو چیر لیں اور اسے بچھو کے منہ پر لگا دیں۔ وہ فوراً ہلاک ہو جائے گا۔ آپ بچھو کے زہر کا تریاق تلاش کرنا چاہیں تو آپ مولی کا پانی نکال لیں اور اس میں جالگوڑ ملا کر شیشی میں بند کر کے رکھ لیں۔ آپ بچھو کے کاٹے پر یہ تریاق لگا دیں۔ درد۔ جلن اور سوجھن ختم ہو جائے گی۔ صرف اس قدر نہیں۔ آپ بھڑ۔ شہد کی مکھی اور کے کاٹے پر بھی یہ تریاق لگا دیں زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

## اسے چبا کر تھوک دیں۔ آپ کو کسی چیز کا مزہ نہیں آئے گا

مری۔ کاغان۔ گلگت اور سوات میں پائی جانے والی یہ بوٹی ”گڑ مار“ کے نام سے مشہور ہے اور یہ ہر پنساری کی دوکان سے عام مل سکتی ہے۔ سنسکرت میں اسے ”میلش“ اور بنگالی میں ”سیر اشگی“ کہلاتی ہے۔ اس کا سفوف بنا کر ایک ماشہ ہر روز پیشاب میں شکر (ذیابیطس) آنے کے مریض کو روزانہ دن میں چار بار گھوٹ کر پلا دیا جائے یا پانی سے سفوف کھلا دیا جائے تو بہت جلد یہ عارضہ ختم ہو جاتا ہے اور اس مرض کے علاج کے طور پر یہ بوٹی دنیا بھر میں مشہور ہے۔

اس کے پتے یا جڑ کو خوب اچھی طرح چبا کر آپ تھوک دیں تو اور اس کے بعد چینی یا کوئی اور میٹھی چیز کھائیں تو آپ کو اس کا ذائقہ محسوس نہیں ہوگا اس کا نام ”گڑ مار“ اسی باعث رکھا گیا ہے۔



## اسے چھو کر ہاتھ پھیر دیں۔ زہر کا اثر۔ درد اور تکلیف ختم ہو جائیگی

آپ آم کے پتوں کا بور (کھر) جو پھل لگنے سے پہلے درخت کی شاخوں کے سروں پر اکثر دیکھا جاتا ہے۔ اسے اپنے ہاتھوں میں چھوا لو۔ اب آپ کے ہاتھ میں ایک تاثیر آ جائے گی۔ کہ اسے بچھو کے کاٹے۔ بھڑ کے کاٹے یا کسی اور ایسے جانور یا کیڑے کے کاٹے کے مقام پر لگا دیں تو اس مقام کا درد فوراً غائب ہو جائے گا اور اس کے ساتھ زہر کا اثر بھی اتر جائے گا۔

یہاں تک تو آپ یقین کر لیں گے مگر آپ اب ضرور کشش و پنج میں پڑ جائیں گے کہ میں نے اب جو بات بتائی ہے اس میں ضرور مبالغہ ہے۔ مگر دوستو ایسا ہرگز نہیں تجربہ ہر بات کی شہادت خود دیتا ہے۔ وہ بات یہ ہے اگر آم کا بور آپ کی پہنچ سے باہر ہو تو آپ آم کی بور کی جانب ہاتھ کا اشارہ کر کے اس درد والے مقام پر لگا دیں۔ ہاتھ میں تاثیر اس عمل سے بھی آ جائے گی۔

جنگلوں میں صدیوں سے رہنے والے سادھو اور سنیاسی لوگ جو مجیر العقول علاج بتلاتے ہیں اور جو صدیوں سے ان ہی لوگوں میں سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں۔ ان میں سے ایک انتہائی حیرت انگیز یہ عمل بھی ہے آزمودہ ہے۔ آپ بھی تجربہ کیجئے۔

---

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



## اس سے پھٹا ہوا دودھ۔ پہلی حالت پر آجاتا ہے

یہ بوٹی پاکستان بھر کے سبھی کوہستانی اور گرم علاقوں میں کثرت سے پیدا ہوا کرتی ہے اور اس کا نام "کنگھی" ہے جسے "کنگھی بن" کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے یہ ایک عام اور مشہور بوٹی ہے۔

ایک فٹ سے چھ سات فٹ تک بلند شاخیں۔ انجیر کے پتوں سے ملتے جلتے پتے۔ جو کنگرہ دار ہوتے ہیں۔ مگر گول ہوتے ہیں اور کنگھی بھی اسی مناسبت سے انہیں کہا جاتا ہے۔

کچھ جانوروں کا دودھ گرم کریں تو پھٹ جاتا ہے اگر یہ بھینس ہے تو اسے دانہ کے ہمراہ سیر بھر کنگھی ملا کر کھلا دیں۔ تو یہ نقص اس دودھ میں سے ختم ہو جاتا ہے اور دودھ حسبِ منشا ملنے لگتا ہے مگر اگر آپ اس دودھ کو جو پہلے پھٹ چکا ہے گرم کریں اور چمچے کی جگہ کنگھی کی شاخ پھیرتے رہیں۔ تو دودھ پہلی حالت میں واپس آجاتا ہے یہ عمل پندرہ بیس منٹ تک کافی ہے۔ ہر چند یہ اصل اور تازہ دودھ جیسا نہیں ہوتا مگر اس میں سے جما کر مکھن اور گھی نکالا جا سکتا ہے۔

اس بوٹی کے خواص بے حد ہیں اور اس کو ضرورت مند اصحاب استعمال کر کے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ یہ سیروں دودھ ہضم کر دیتی ہے، رنگ سرخ و سفید کر دیتی ہے منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ بدن کو طاقت دیتی ہے اور انسان کی جسمانی نشو و نما کو برقرار رکھتی ہے۔



## اس سے امراض رحم دور ہو جاتے ہیں

شیر نرسل یعنی نڑے کی جڑ یا پوری دو تولہ لیں اور دھو لیں۔ پھر اسے کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب یہ پانی آدھا پاؤ رہ جائے تو اتار لیں اور صاف کر کے بوتل میں بند کر لیں اور اسے مریض کو صبح و شام ایک ایک خوراک پلائیں۔

اس سے رحم کا ڈھیلا پن اور تنگی رحم دونوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور اس کے استعمال سے رحم کی حالت اعتدال پر آ جاتی ہے۔ خواتین کے لئے آبِ حیات ہے۔

## اسے کھانے سے پندرہ دن بھوک نہیں لگتی

یہ ایک ایسی بوٹی ہے جو عام ملتی ہے اور بالکل مفت دستیاب ہو جاتی ہے۔ مگر افسوس اس میں جو تاثیر ہے۔ وہ لوگوں کے علم میں نہیں ہے اس بوٹی کا نام "چرچٹہ" یا "پٹھکنڈہ" ہے۔

اس کے تخم لیں اور انہیں کوٹ کر ان کی کھیر بنا لیں اور اسے استعمال کریں۔ چار روز بعد اسے انیما کر کے جسم سے خارج کریں گے تو اس کے دوسرے دن بھوک لگ سکے گی ورنہ نہیں۔

جنگلوں میں رہنے والے سادھو اور سنیاسی جو بھوکے رہ کر عبادت کرتے یا جو موسم کے ردوبدل کے باعث جنگلوں پہاڑوں اور غاروں میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



خوراک حاصل نہیں کر سکتے اس کے استعمال سے ایک ایک ماہ بھوک پر قابو پا لیتے ہیں۔

## اس کے استعمال سے کانوں کا ہر مرض دور ہو جاتا ہے

آپ دھتورہ کے کچے ڈوڈے یا اگر یہ دستیاب نہ ہوں تو دھتورے کے پتوں کا رس نکال لیں یہ دو حصہ اور تیل تل ایک حصہ دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں جب پانی جل جائے تو اتار لیں اور تیل صاف کر لیں۔ اسے کان میں ڈالیں تو آپ کانوں کی خشکی، بہرہ پن۔ زخم۔ کان کا درد۔ آواز کم سنائی دینا۔ وغیرہ سبھی امراض سے شفا حاصل کر سکیں گے۔ آزمودہ ہے۔

## اس کا استعمال عورت کے پستان سخت اور اندام نہانی تنگ کر دیتا ہے

ایک سیر ناسپال لیں اور اسے سولہ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی دو سیر باقی رہ جائے تو اسے آگ سے اتار لیں اور چھان لیں۔ پھر اس میں ½ سیر تلوں کا تیل ڈالیں اور اسے پھر آگ پر رکھ دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل نتھار کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔

یہ تیل عجیب خصوصیت کا حامل ہے۔ اسے عورت کی چھاتیوں پر ملیں گے تو وہ سخت ہو جائیں گی۔ اس تیل کا پھایہ اندام نہانی کے اندر رکھنے سے اندام نہانی بھی تنگ ہو جاتی ہے۔

---



## اسے حقے میں پینے سے ہر زہریلے جانور کا زہر ختم ہو جائے گا

نیم کے تنے کی تازہ کھال لیں۔ پرانی اور بوسیدہ سی کھال ہرگز نہ لیں۔ تازہ ہو مگر سوکھی ہوئی بھی ہو۔ اسے تمباکو میں اس قدر ملائیں کہ جس قدر تمباکو ہو اس سے نصف یہ کھال موجود ہو۔ اس سے پہلے اسے باریک تمباکو کی مانند کوٹ کر لیں اور چلم میں رکھ کر جس طرح حقہ پیا جاتا ہے اسی طرح اسے پئیں۔ چند منٹ میں بچھو اور ہر زہریلے جانور کا زہر جس نے کاٹا ہو ختم ہو جائے۔ اگر اسے تیز اور جلد اثر کرنے والا بنانا ہو تو اس تمباکو کے ہمراہ چلم میں مور کا پر بھی رکھ لیں۔

## اسے کھا کر عورت یوں ہو جاتی ہے جیسی ابھی کنواری ہو

ڈھاک کے درخت کی کونپلیں لیں اور اسے سایہ میں خشک کر لیں اور پھر اسے کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ تب اس میں برابر چینی ملائیں اور رکھ چھوڑیں۔ ایک تولہ ۹ ماشہ اس کی خوراک ہر صبح نہار منہ عورت کو کھانے کو دیں۔ عورت یوں بن جائے گی۔ جیسے وہ ابھی کنواری ہے اور باکرہ ہے۔

## اسے حقے میں پینے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے

یہ دوا مشہور چیز ہلدی ہے جیسے آپ کھانے میں ہر روز کھاتے ہیں۔ مگر یہاں اسے بطور دوا استعمال کرتا ہے آپ اسے حقے میں رکھ لیں اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس حقے میں تمباکو کی مانند اسے پئیں۔ دو چار کش لگاتے سے آپ کو وہ ہچکی وہ کسی بھی علاج سے بند نہ ہو رہا ہو۔ فوراً بند ہو جائے گی۔ آزمودہ ہے

## یہ آتشک اور گنٹھیا کا بے ضرر علاج ہے

ڈنڈا تھوہر کا دودھ لیں اور آدھ پاؤ چنے کی دال بھی لے کر اس میں یہ دودھ ملا دیں اور پھر اسے کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر اس میں اس قدر دودھ ڈالیں کہ دال اس میں ڈوب جائے اور تب چوبیس گھنٹے اسے پڑا رہنے دیں اس دوران وہ نرم ہو جائے گی۔ پھر رگڑ کر اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا لیں۔ پھر اسے ایک پاؤ پختہ گھی میں بڑوں کی مانند تل لیں ٹکیاں اس گھی میں سرخ ہو جائیں تو انہیں گھی سے نکال لیں۔ گھی کو صاف کر کے نکال لیں۔ اور وہ ٹکیاں جو آپ نے اس میں تلی ہیں پھینک دیں وہ بیکار ہیں۔

گھی کی نخود کے برابر مقدار لے کر ملائی یا مکھن میں اسے پیسٹ کر کھالیں کھانے میں چبانا نہیں ہے بلکہ آپ اسے صرف نگل لیں گے۔

اور پھر ایک ہفتہ بیسن کی روٹی اور بلا نمک گھی کھائیں۔ جوڑوں کا درد اور آتشک کا نشان بھی باقی نہ رہے گا۔

اگر آپ کو ایک ہفتہ میں مکمل شفا نہ ہو تو آپ ایک ہفتہ اسے کھائیں اور دوسرے ہفتے مت کھائیں اور اس کے بعد ایک ہفتہ مزید کھائیں۔ یقیناً شفا نصیب ہو گی۔



## یہ بوٹی سالم انڈے کو گلا دیتی ہے

مری و گلگت وغیرہ میں ایک کھٹائی عام ملتی ہے جس کا نام "رکوکن" ہے وہاں کے لوگ اس کھٹائی کو چٹنی کے طور پر عام استعمال کرتے ہیں۔ اسے دس تولہ کی مقدار میں لیں اور نصف سیر پانی میں ملا کر جوش دیں۔ اور پھر اس میں تین چار انڈے بھی ڈال دیں۔ چند منٹ جوش دینے کے بعد انڈے میں سوئی چبھو دیں۔ اگر سوئی اس میں چبھ جائے تو انڈے تیار ہیں۔

ان انڈوں کو چار چار ٹکڑے کر کے شہد میں ڈال لیں اور محفوظ کر لیں۔ اور اسے تین روز شہد میں پڑا رہنے کے بعد استعمال میں لائیں ایک ایک ٹکڑا نہار منہ اسے کھانا بے حد فائدہ مند ہوتا ہے۔

یہ جسم کو مضبوط۔ طاقتور۔ تروتازہ اور پھرتیلا بناتے ہیں اور اسے کھانے سے قوت باہ میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔

## اسے کسی مقام پر مل دینے سے وہاں زندگی بھر بال نہیں اُگتے

سنیاسیوں اور سادھوؤں کا یہ نسخہ بے حد قیمتی ہے اور صدیوں سے یہاں میں رائج ہے۔ جہاں وہ ضروری مقامات سے بال اڑا دیتے ہیں۔ اور عمر بھر وہاں دوبارہ بال نہیں اُگتے۔

ڈھاک کی لکڑی لیں اور اسے راکھ بنا لیں اور پانی میں یہ راکھ ملا کر اس جگہ پر ملیں جہاں سے آپ کو بال اڑانا مطلوب ہیں۔ بال مردہ ہو جائیں گے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



آپ اسے وہاں سے موچنے سے اکھیڑ دیں اور وہاں اونٹ کی مینگنیاں لے کر اسے جلا کر خاک بنانے کے بعد سرکہ میں حل کر کے لیپ سا بنا کر ملیں۔ بال اُگنا بند ہو جائیں گے۔

بعض لوگوں کے آسانی سے بال اُگنا بند نہیں ہوتے کچھ عرصہ بعد پھر اُگ آتے ہیں۔ آپ چار پانچ بار یہ عمل دہرائیں۔ وہ جگہ یوں صاف ہو جائے گی جیسے یہاں بھی بال نہ تھے اور نہ کبھی وہاں بال اُگیں گے۔ آزمودہ طریقہ ہے۔

---

ختم شد

ہماری دکان کیوں مشہور ہے؟

اس لیے کہ

ہمارے ہاں اُردو میں ہر قسم کی صنعتی، فنی، تجارتی اور مذہبی کتب مثلاً ریڈیو ٹیلیویژن، ٹرانسسٹر، ٹیپ ریکارڈر، ریفریجریشن و ائیرکنڈیشننگ، موٹر، بجلی، خراد اور ویلڈنگ وغیرہ نیز مختلف ممالک کی زبانیں مثلاً عربی، فارسی، پشتو، انگریزی، جرمن، فرانسیسی، ترکی، اطالوی اور ہسپانوی بول چال کی تمام کتب مناسب داموں پر ملتی ہیں۔

ملک بک ڈپو
اُردو بازار، لاہور

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# آپ

## کون سی زبان
## سیکھنا چاہتے ہیں؟

ہمارے ہاں

مشہور مصنف مخدوم صابری

کی مختلف زبانوں کی بول چال کی کتابیں

اور ڈکشنریاں مل سکتی ہیں

مثلاً

- عربی اُردو بول چال قیمت ۹/-
- فارسی اُردو بول چال " ۹/-
- انگریزی اُردو بول چال " ۴/۵۰
- ہندی اُردو بول چال " ۴/۵۰
- فارسی، انگلش، اُردو بول چال " ۴/۵۰
- عربی، انگلش، اُردو بول چال (مع تلفظ) " ۱۰/۵۰
- ترکی، انگلش، اُردو بول چال (مع تلفظ) " ۱۲/-

(ڈاک خرچ بذمہ خریدار)

ان کے علاوہ

پشتو، جرمن، فرانسیسی، اطالوی، ہسپانوی، چینی، جاپانی، کشمیری، گورمکھی اور سندھی بول چال کی کتب کے علاوہ ہر قسم کی کتابیں

بذریعہ ڈاک منگوانے کے لئے اپنا پتہ مکمل اور خوشخط لکھیے!

صابری دارالکتب قذافی مارکیٹ اردو بازار لاہور ۲



# آپ

## کونسی کتاب
## خریدنا چاہتے ہیں؟

جب آپ کو کسی کتاب کی ضرورت ہو، ہمیں صرف ایک خط لکھ کر بھیج دیجئے۔ آپ کو گھر بیٹھے آپ کی مطلوبہ کتاب مل جائیگی

ہمارے ہاں

قرآن پاک، دعائیں، تجوید، نماز، معلوماتی، علمی، ادبی، تاریخی، اسلامی، صنعتی، فنی، تجارتی اور مختلف ممالک کی زبانوں کی کتابیں اور ڈکشنریاں، ناول وغیرہ وغیرہ ڈاک کے ذریعے بھیجنے کا معقول انتظام ہے۔ ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا پتہ: صابری دارالکتب

قذافی مارکیٹ اُردو بازار: لاہور ۲

بیرون ممالک بھیجنے کا بھی معقول انتظام ہے

نوٹ: اپنا پتہ مکمل اور خوشخط لکھیے

www.iqbalkalmati.blogspot.com


اپنا علاج خود کیجیے

ہر فرد کی ضرورت ○ ہر گھر کی ضرورت

سر سے لیکر پاؤں تک ہر مرض کا

آسان اور سستا

گھریلو

طبی علاج

پندرہ مشہور اور تجربہ کار حکیموں کے

پچیس سالہ تجربات کا نچوڑ

○

کتاب کیا ہے بہترین طبی معلومات کا

خزانہ ہے؛

○

قیمت نہ ہونے کے برابر

یعنی

صرف ۹/- روپے

○ ملنے کا پتہ۔ ملک بک ڈپو۔ اردو بازار لاہور ۲